Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | ہفتہ 19 اکتوبر 2024ء 15 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 15 روپے | شمارہ 55

آئینی ترمیم، پارلیمانی کمیٹی نے 26 نکاتی مسودہ منظور کرلیا

آئینی ترمیم کے مسودے کو متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا، مسودے میں سمندر پار پاکستانیوں کے الیکشن لڑنے کی تجویز پر بھی اتفاق ہوا، خصوصی کمیٹی کی جانب سے منظور کیے گئے مسودے کی منظوری کابینہ دے گی، خورشید شاہ کی میڈیا سے گفتگو

نئے مسودے میں ایک بار پھر آئینی بینچ تشکیل دینے کی تجویز دی گئی ہے، جوڈیشل کمیشن آئینی بینچز اور ججز کی تعداد کا تعین کرے گا، آئینی بینچز میں جہاں تک ممکن ہو تمام صوبوں سے مساوی ججز تعینات کیے جائیں گے، ڈرافٹ سامنے آگیا

اسلام آباد(این این آئی) آئینی ترامیم کے حوالے سے پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی کا اجلاس ختم ہوگیا، کمیٹی نے آئینی ترمیم کا مسودہ منظور کرلیا۔ جمعہ کو آئینی ترمیم کے حوالے سے قائم خصوصی کمیٹی کا ان کیمرہ اجلاس خورشید شاہ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں تمام جماعتوں کے (بقیہ نمبر 33)

مخصوص نشستوں کا معاملہ، الیکشن کمیشن کو عدالتی فیصلے پر عمل کرنا ہوگا: سپریم کورٹ

تفصیلی فیصلے میں تمام تر قانونی و آئینی نکات کا احاطہ کردیا گیا، جوہات جاری کرنے سے پہلے وضاحت جاری کر چکے' عدالت کے فیصلے کا آئین کے آرٹیکل 189 کے تحت لازم نفاذ ہے اور اسے نافذ کیا جانا چاہیے تھا، ججز

فریقین کی طرف سے اٹھائے گئے تمام قانونی اور آئینی معاملات کو جامع طور پر نمٹا دیا گیا، جوابات دیے گئے ہیں، لہٰذا مزید کسی وضاحت کی ضرورت نہیں ہے، اکثریتی فیصلہ دینے والے 8 ججوں کی دوسری مرتبہ وضاحت

اسلام آباد(این این آئی) مخصوص نشستوں کے کیس پر سپریم کورٹ کا اکثریتی فیصلے دینے والے 8ججوں نے دوسری مرتبہ وضاحت جاری کی ہے۔سپریم کورٹ کی جانب سے دوسری بار وضاحت الیکشن کمیشن کی درخواست پر دی گئی جس میں کہا گیا کہ الیکشن ایکٹ میں ترمیم سے 12 جولائی کا فیصلہ غیر موثر نہیں ہوسکتا، الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے ماضی سے اطلاق کو وجہ بنا کر فیصلہ غیر موثر نہیں ہوسکتا۔سپریم کورٹ نے کہا کہ اس معاملے پر کراچی اور اسلام آباد میں چیمبرز میں سماعت ہوئی ہے، وضاحت کیلئے رجوع کا حق اس لیے دیا تھا کہ مختصر حکم نامے پر عملدرآمد میں کوئی پریشانی نہ ہو، اب تفصیلی فیصلہ جاری ہوچکا ہے، لہٰذا اب کسی وضاحت کی ضرورت نہیں رہی۔اکثریتی ججز نے کہا کہ تفصیلی فیصلے میں تمام تر قانونی و آئینی نکات کا احاطہ کر دیا گیا ہے،ہم تفصیلی (بقیہ نمبر 1)

بینکوں کو 4093 ارب روپے فراہم کر دیے' سٹیٹ بینک

روایتی بینکوں کو 28روز کے مارکیٹ آپریشن میں 26ارب روپے دیے گئے ہیں

کراچی (این این آئی)اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکوں کو 4093ارب روپے فراہم کر دیے۔اسٹیٹ بینک کی جانب سے کہا گیا ہے کہ روایتی بینکوں کو 7روز کے مارکیٹ آپریشن میں 4041 ارب روپے دیے ہیں، یہ 7دن کی فنڈنگ 17.56فیصد سالانہ شرح سود پر کی ہے۔روایتی بینکوں کو 28روز کے مارکیٹ آپریشن میں 26ارب روپے دیے گئے ہیں، یہ 28دن (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف حکومت پاکستان کی طرف سے غزہ اور فلسطین میں امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اب میں آپاؤں کی طرح نہیں منسٹر والی اکڑ دکھاؤں گی، وزیر اطلاعات پنجاب

اب مجھے وزیروں والی اکڑ میں رہنا چاہیے، بھائی بیٹے والی بات اب ختم ہوگئی' جو مجھے میری اوقات بتاتے ہیں ان کو پہلے اپنی اوقات دیکھنی چاہیے

جو صحافی غلط کریں گے ایکشن تو پھر لیا جائیگا، کچھ یوٹیوبرز نے مریم نوز کا نام بھی استعمال کیا' تحریکِ فساد والے معاملے کو کیوں ہوا دے رہے ہیں؟

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک)وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے اب میں آپاؤں کی طرح نہیں منسٹر والی اکڑ دکھاؤں گی۔عظمیٰ بخاری نے لاہور ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اب مجھے وزیروں والی اکڑ میں رہنا چاہیے، بھائی بیٹے والی بات اب ختم ہوگئی۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 3)

ویلڈن ٹیم گرین ویلڈن، مریم نواز کی دوسرے ٹیسٹ میں شاندار فتح پر مبارکباد

لاہور (این این آئی)ویلڈن ٹیم گرین ویلڈن، وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے ملتان میں انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں شاندار فتح پر مبارکباد دی ہے۔وزیر اعلی مریم نواز شریف نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کی عمدہ (بقیہ نمبر 5)

صحافیوں کو روڈا میں پلاٹس دینے کیخلاف درخواستوں پر حکم امتناع ختم

کوئی رپورٹر بڑا نہیں سب برابر' 3200 سے زیادہ صحافیوں کو 5مرلے کے پلاٹس ملیں گے' عظمیٰ بخاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے صحافیوں کوراوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹہ(روڈا) میں پلاٹس دینے کے خلاف درخواستیں واپس لینے کی بنیاد پر نمٹاتے ہوئے حکم امتناعی بھی ختم کر دیا۔ہائیکورٹ کے جسٹس سلطان تنویر احمد نے صلاح الدین سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت (بقیہ نمبر 4)

لاہور، وزیراعلی پنجاب مریم نوازشریف اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

برطانوی عدالت کی جرمانے کی خبر غلط ہے، ترجمان پی آئی اے کا ردعمل

اسلام آباد(این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے کی جانب سے برطانوی کورٹ کے پی آئی اے کے خلاف فیصلے کی غلط (بقیہ نمبر 32)

بجلی، گیس سیکٹر میں 4881 ارب کے گردشی قرضے پر قابو پانے کا منصوبہ تیار

15فروری 2025 سے گیس ٹیرف میں اضافہ کرنے کا بھی فیصلہ کرلیا گیا' دستاویزات

اسلام آباد(این این آئی) حکومت نے بجلی اور گیس سیکٹر میں گردشی قرضے پر قابو پانے کے لئے صارفین کو ہر قسم کی سبسڈی سے ہاتھ کھینچ لیا۔عالمی مالیاتی اداروں کی نظر میں توانائی کا شعبہ پاکستان کی معیشت پر بڑا بوجھ ہے،حکومت نے دونوں شعبوں میں 4881ارب روپے (بقیہ نمبر 34)

نجی کالج واقعہ کی کوئی متاثرہ ہے تو عدالت آئے، ہم اسکو سنیں گے، چیف جسٹس عالیہ نیلم

آئی جی صاحب ویڈیوز کو وائرل ہونے سے روکا کیوں نہیں گیا؟ آپ نے جاگنا تب ہوتا ہے جب سب جل چکا ہوتا ہے' چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ

آج بھی ایکس اور ٹک ٹاک پر ویڈیوز پڑی ہیں، دو دن کچھ نہیں کیا آپ انتظار کرتے رہے' ریمارکس' حالیہ واقعات کی تحقیقات سے متعلق فل بینچ بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تعلیمی اداروں میں حالیہ واقعات کی تحقیقات سے متعلق فل بینچ بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مس عالیہ نیلم نے تعلیمی اداروں میں ہراسگی کے واقعات کی تحقیقات کیلئے دائر درخواست پر سماعت کی، اس موقع پر عدالتی حکم پر آئی جی پنجاب سمیت دیگر افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے استفسار کیا کہ آئی جی صاحب ویڈیوز کو وائرل ہونے سے روکا کیوں نہیں گیا؟ کیا آپ نے ویڈیوز روکنے کیلئے کسی اتھارٹی سے رابطہ کیا، جس پر آئی جی پنجاب نے جواب دیا کہ ہم نے پی ٹی اے سے رابطہ کیا۔ چیف جسٹس نے آئی جی پنجاب سے مکالمہ کیا کہ آج 18 تاریخ ہے، ویڈیو 13 اور 14 کو وائرل ہوئیں، آپ نے جاگنا تب ہوتا ہے جب آگ لگ چکی ہوتی ہے سب جل چکا ہوتا ہے۔عدالت نے آئی جی سے استفسار کیا کہ آپ نے متعلقہ (بقیہ نمبر 31)

ہیرا پھیری سے وزیراعظم بننے والے عمران خان خود پسند، آکسفورڈ چانسلر کیلئے نااہل ہیں، برطانوی اخبار

بے ہودہ ریکارڈ کے باوجود برطانیہ میں کچھ شخصیات اب بھی عمران خان کی حمایت کر رہی ہیں' پاکستان کے سابق وزیراعظم کرس پیٹن کی جگہ لینے کے قابل نہیں کیونکہ وہ خود پسند ہیں

عمران خان طالبان کے معترف رہے' سیاسی ظلم کا شکارنہ مظلوموں کے رہنما ہیں، انہیں 1980 کی دہائی میں ایک کرکٹریا جریدوں میں احمقانہ داستانوں کے طور پر یاد کیا جاتا ہے: ٹیلی گراف

لندن(مانیٹرنگ ڈیسک)آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے امیدوار بننے کی نااہلیت کی فہرست سامنے آنے سے چند گھنٹے قبل برطانوی اخبار ٹیلی گراف نے عمران خان پر شدید تنقید کی۔ٹیلی گراف نے لکھا کہ عمران خان خود پسند اور چانسلر کیلئے نا اہل ہیں،منتخب ہوئے تو مغرب دشمنوں کی مدد کریں گے، وہ طالبان کے معترف بھی رہے ہیں، 2018 میں ہیرا پھیری سے وزیراعظم بنے، سیاسی ظلم کا شکارنہ مظلوموں کے رہنما ہیں، انہیں1980 کی دہائی میں ایک کرکٹریا جریدوں میں احمقانہ داستانوں کے طور پر یاد کیا جاتا ہے، بے ہودہ ریکارڈ کے باوجود برطانیہ میں کچھ شخصیات اب بھی عمران خان کی حمایت کر رہی ہیں۔اخبار نے لکھا کہ عمران خان 20 ویں صدی کے کرکٹر جنہوں نے خود کو 21 ویں صدی کے بظاہر نیم اسلام پسند جو کہ حقیقت میں ہیں نہیں کے طور پر پیش کیا، ان امیدواروں میں (بقیہ نمبر 6)

مرسر گلوبل پنشن انڈیکس میں یو اے ای اشاریوں کی پیمائش کرنے والا پہلا عرب ملک ہے

۔یہ پنشن انڈیکس دنیا بھر میں بینچ مارک پنشن آمدنی کے نظام کی رپورٹ کرتا ہے اور ممکنہ اصلاحاتی علاقوں کی تجویز کرتا ہے

اس کے مطابق متحدہ عرب امارات کی سنگ میل کی کامیابی اماراتیوں کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے اس کے مقصد کی حمایت کرے گی

دوبئی (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) اب صحیح وقت پر ملے گی پینشن ، نہ رہے گی زندگی میں کوئی بھی ٹینشن۔تفصیلات کے مطابق رواں سال مرسر گلوبل پنشن انڈیکس میں یواےای اشاریوں کی پیمائش کرنے والا پہلا عرب ملک ہے۔جنرل پنشن اینڈ سوشل سیکیورٹی اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین مبارک راشد المنصوری نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات پہلا عرب ملک اور عالمی سطح پر 23واں ملک ہے جس نے 2024 مرسر گلوبل پنشن انڈیکس میں اپنے پنشن کے اشاریوں کی پیمائش کی ہے۔یہ پنشن انڈیکس دنیا بھر میں بینچ مارک پنشن آمدنی کے نظام کی رپورٹ کرتا ہے اور ممکنہ اصلاحاتی علاقوں کی تجویز کرتا ہے جو زیادہ مناسب اور پائیدار ریٹائرمنٹ فوائد فراہم کرتے ہیں۔اس کے مطابق متحدہ عرب امارات کی سنگ میل کی کامیابی اماراتیوں کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے اس کے مقصد کی حمایت کرے گی جنہیں متحدہ عرب امارات کی حکومت کے ترقیاتی عمل میں ایک ترجیح سمجھا جاتا ہے۔16 ویں سالانہ مرسر CFA انسٹی ٹیوٹ گلوبل پنشن انڈیکس مرسر پنشن انڈیکس کے ایک حصے کے طور پر CFA انسٹی ٹیوٹ کے ایک کاروبار کی طرف سے ایک رپورٹ جاری کی گئی ہے جس میں دنیا بھر میں 48 ریٹائرمنٹ انکم سسٹمز کا موازنہ کیا گیا ہے جو دنیا کی 65% آبادی پر محیط ہے۔اس رپورٹ میں جس نے ابوظہبی پنشن فنڈ اور شارجہ سوشل سیکیورٹی فنڈ کے ساتھ ساتھ گلوبل پینشن انڈیکس کے اشارے کی پیائش کی ہے جس نے یہ ظاہر کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے مسلسل چوتھے سال اپنے پنشن کے نظام میں زبردست بہتری ظاہر کی ہیاور اب یواےای عالمی سطح پر 23 ویں نمبر پر ہے۔ملک کے واضح طرز حکمرانی کے ڈھانچے کی وجہ سے، 16 ویں سالانہ مرسر گلوبل پینشن میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ یواےای کی انڈیکس ویلیو سال 2023 میں 62.5 سے بڑھ کر 2024 میں 64.8 ہوگئی ہے جس کے نتیجے میں اماراتیوں کی پنشن کی عمر میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے کیونکہ زندگی کی توقعات میں اضافہ ہوا ہے۔اور اس طرح اماراتی گھرانوں کے لیے مزید منافع بخش پنشن فوائد حاصل کریں گے کیونکہ ایک ترقی یافتہ ملک کی یہی خصلت ہے کہ وہ اپنے رہائشیوں کو کبھی پریشان اور خستہ حال نہیں چھوڑتا بلکہ ان پینشنرز کے ساتھ ساتھ ان کی فیملی کے تمام ممبرز بھی ہمیشہ خوشحال رہتے ہیں۔

CFA Emi
CFA Society Emirates

وفاقی حکومت کا سردیوں کی آمد پر غزہ امداد بھجوانے کا فیصلہ

عالمی برادری غزہ کے غریب عوام کی امداد کرے، وہاں جنگ بندی کے لیے کردار ادا کرے، وزیراعظم

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے سردیوں کی آمد پر غزہ کے لیے امداد بھجوانے کا فیصلہ کیا ہے۔وزیرِ اعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت غزہ کی صورتِ حال پر اجلاس ہوا جس میں این ڈی ایم اے کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں غزہ میں فوری طور پر 600 ٹن (بقیہ نمبر 8)

کاملا ہیرس نے ٹرمپ کا اصلی چہرے بے نقاب کردیا

امریکہ کے صدر کو تنقید برداشت کرنے کے قابل ہونا چاہیے، یہ ایک جمہوری ملک ہے، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی)امریکہ میں صدارتی انتخاب کی سرگرمیاں پورے زوروشور سے جاری ہیں، نائب صدر کاملا ہیرس نے ڈونلڈ ٹرمپ کو غیر مستحکم، خطرناک اور خدمت کرنے (بقیہ نمبر 10)

طالبہ سے زیادتی کی غیر مصدقہ خبر' تحقیقات کیلئے جے آئی ٹی تشکیل

ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی سربراہی میں ٹیم میں 3 پولیس افسر، 3 حساس اداروں کے نمائندے شامل

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ نے سوشل میڈیا پر نجی کالج کی طالبہ سے زیادتی کی غیرمصدقہ خبر پھیلانے کے معاملے کی تحقیقات کے لئے جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دیدی (بقیہ نمبر 11)

دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود جی پی او چوک میں احتجاج کرنیوالے پی ٹی آئی کارکن کو گرفتار کر کے لیجایا جارہا ہے

پشاور ہائیکورٹ، رہنما پی ٹی آئی عمر ایوب کی راہداری ضمانت منظور

ایک ارب سے تین ارب روپے تک ہمارے ممبران اسمبلی کو آفر دی جا رہی ہے، عمر ایوب

پشاور (این این آئی)پشاور ہائی کورٹ نے رہنما پاکستان تحریک انصاف اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب کی راہداری ضمانت منظور کرلی اور انہیں 7 نومبر تک متعلقہ عدالتوں (بقیہ نمبر 17)

عمران خان کے فوکل پرسن انتظار پنجوتھا کا تاحال پتہ نہ چل سکا، اسلام آباد پولیس

اسلام آباد ہائیکورٹ نے لاپتہ وکیل انتظار حسین پنجوتھا کی بازیابی کی درخواست پر سماعت پیر تک ملتوی کردی

اسلام آباد (این این آئی)اسلام آباد پولیس نے عدالت میں اپنے بیان میں بتایا ہے کہ پی ٹی آئی رہنما اورعمران خان کے فوکل پرسن انتظار پنجوتھا کا تا حال کچھ پتہ نہیں چل سکا ہے۔ 8 اکتوبر(بقیہ نمبر 18)

آئینی ترمیم پر فضل الرحمان سے بات بن جائیگی، مصدق ملک

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے امید ظاہر کی ہے کہ آئینی ترمیم پر مولانا فضل الرحمان سے (بقیہ نمبر 20)

اپٹما نے ایف بی آر کے سیلز ٹیکس فراڈ کے الزامات کو مسترد کردیا

کراچی (این این آئی) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن نے (اپٹما) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو(ایف(بقیہ نمبر 19)

نیپرا اتھارٹی نے سی پی پی اے اور این ٹی ڈی سی کو شوکاز نوٹسز جاری کردیئے

نیپرا نے دونوں کمپنیوں سے مانگی گئی وضاحت کا تسلی بخش جواب نہ دینے پر نوٹس جاری کیا ہے

کراچی (این این آئی) جنوری 2023 میں بجلی بلیک آؤٹ کے معاملے پر نیپرا نے پونے دوسال بعد سی پی پی اے اور این ٹی ڈی سی کو شوکاز نوٹسز جاری کردیئے ہیں۔نیشنل (بقیہ نمبر 22)

مخصوص نشستیں، الیکشن کمیشن کا اجلاس ختم، معطل ارکان بحال کرنے کی تجویز

قانونی ٹیم نے کمیشن کو مخصوص نشستوں کے معاملے پر پارلیمان کے قانون پر عمل کرنے کا مشورہ دیا

اسلام آباد (این این آئی) مخصوص نشستوں سے متعلق قومی و پنجاب اسمبلی کے اسپیکرز کے خطوط کے معاملے پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اجلاس میں قانونی ٹیم نے انتخابات (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ کا اسلام آباد 92 نیوز کے ملازمین کی برطرفی کیخلاف بھرپور احتجاج

مخیّر مالکان کی جانب سے ساڑھے تین درجن صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کو بے یارو مددگار چھوڑنے پر شدید تشویش

آر آئی یو جے نے صحافیوں کی بحالی کے عوض اسلام آباد اسٹیشن کے لیے اضافی اشتہارات لے کر دینے کی پیش کش کردی

روزنامہ 92 نیوز سے جبری برطرفیوں کے خلاف
احتجاجی مظاہرہ
92 نیوز
RIUJ
PFUJ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ کا اسلام آباد 92 نیوز کے ملازمین کی برطرفی کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرہ۔۔۔مخیّر مالکان کی جانب سے ساڑھے تین درجن صحافیوں اوران کے اہل خانہ کو بے یارو مدد گار چھوڑنے پر شدید تشویش۔۔۔آر آئی یو جے نے صحافیوں کی بحالی کے عوض اسلام آباد اسٹیشن کے لیے اضافی اشتہارات لے کر دینے کی پیش کش کر دی،اسلام آباد میں زیرو پوائنٹ پر منعقدہ احتجاجی مظاہرے میں صدر پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پاکستان کا پرنٹ میڈیا ہماری آنکھوں کے سامنے دریا برد ہورہا ہے تمام صحافتی اداروں کو باہم بیٹھ کر جائزہ لینا ہوگا اور پرنٹ میڈیا کو بچانے کیلیے آگے بڑھ کر اس حوالے منصوبہ بندی کرنا ہوگی ارآء یوجے نے پیشکش کی ہے کہ اگر کوء معاشی کراہسسز ہیں تو ارآء یوجے آپ کی مدد کرنا کو تیار ہے جتنیزنس کے نتیجے میں ورکرز کی تنخواہیں ادا ہوسکتی ہیں اس کیلیے ہم کردار ادا کرنے کو تیار ہیں لیکن مالکان نے اگر ورکرز کو فارغ کرنے کا حتمی منصوبہ بنا رکھا ہے تو پھر ایسے آسانی سے ہم ورکرز کی برطرفی کی اجازت نہیں دیں گے ورکرز کی برطرفی کے خلاف پارلیمنٹ کے سامنے جانا پڑا تو احتجاج کیلیے جاہیں گے ہمارے مطالبات پر غور کیا جاے اور ورکرز کے حقوق کا خون نہ کیا جائے۔ راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے صدر طارق علی ورک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 92 کی انتظامیہ نے بغیر نوٹس دیے برطرف کیا ہے ان کے واجبات پوری طرح ادا نہیں کیے گے میڈیا مالکان ورکرز کے خون پسینے پر اپنے بزنس کو آگے بڑھاتے ہیں اپنے محلات تعمیر کرتے ہیں لیکن اب ہم انہیں ورکرز کے خون پسینے پر محلات تعمیر نہیں کرنے دیں گے ہم ورکرز کے ساتھ کھڑے ہیں جہاں تک جانا پڑا ہم ورکرز کا ساتھ دیں گے۔ جنرل سیکریٹری آر آئی یو جے آصف بشیر چوہدری نے کہا کہ اگر مالکان مشکلات کا شکار ہیں تو ہم انہیں بیل آوٹ کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ مدینے میں لنگر بانٹنے والوں کواپنے ورکرز کو بے یارو مددگار نہیں چھوڑنا چاہیے تھا۔ سابق صدر ار آء یوجے عامر سجاد سید نے کہا کہ ورکرز تنہا نہیں ہیں ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں مالکان کی ورکرز دشمن پالیسی زیادہ دیر نہیں چلے گی۔ سابق صدر عابد عباسی نے کہا کہ صحافیوں کو بیروزگار کر کے میڈیا مالکان اپنے لیے خود مشکلات کھڑی کررہے ہیں۔ پریس کلب کے فنانس سیکریٹری وقار عباسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوں بیک جنبش قلم صحافیوں کی نوکریوں سے برطرفی ظلم وانصافی کی انتہا ہے 92 نیوز کے ساتھیوں ہم عدالت سے لے کر ہر سطح پر 92 نیوز کے ورکرز کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔ احتجاجی مظاہرے سے ، سینئر جوائنٹ سیکریٹری گلزار خان، قربان ستی۔ افشاں قریشی ،خضر ملک ، اطہر حیات، اور سردار احسن نے خطاب کیا۔ راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے سنیر ناہب صدر راجہ بشیر عثمانی عامر برلاس ممبران ایگزیکٹو باڈی علی اختر غفران چشتی صوبیہ مشرف نوابزادہ شاہ علی سنیر صحافیوں اظہار خان نیازی جعفر بلتی نوابزادہ خورشید سجاد حسین راجہ کامران خالد شاہ سمیت بڑی تعداد میں صحافیوں نے شرکت کی۔

شہدائے کارساز کی برسی حیدرآباد کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ عام تھا، شہنیلہ خانزادہ

عوام نے محترمہ بےنظیر بھٹو کی جرات مندی اور کارساز کے شہداء کو خراج تحسین و عقیدت پیش کیا۔

قائد عام ذولفقار علی بھٹو، محترمہ بےنظیر بھٹو اور بھٹو خاندان و شہیدان جمہوریت کی روحیں بھی مطمئن ہونگیں کہ انکا خون رائیگاں نہیں گیا

سانحہ کارساز کے شہیدوں کو سرخ سلام
چلو چلو حیدر آباد چلو
KARSAZ

کراچی(بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی اندھیرے میں امید کی کرن ہے۔شہنیلہ خانزادہ رہنما پی پی پی نے 18اکتوبر کے جلسے کے موقع پر بات چیت میں کہا ہے کہ شہدائے کارساز کی برسی کا جلسہ حیدر آباد کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ عام تھا۔عوام نے محترمہ بےنظیر بھٹو کی جرات مندی اور کارساز کے شہداء کو خراج تحسین وعقیدت پیش کیا۔قائد عام ذوالفقار علی بھٹو، محترمہ بےنظیر بھٹو اور بھٹو خاندان و شہیدان جمہوریت کی روحیں بھی مطمئن ہونگیں کہ انکا خون رائیگاں نہیں گیا۔بلاول بھٹو نے انکے مشن کو تکمیل تک لیجانے اور میثاق جمہوریت پر عمل کرانے کے لئے ہراول دستہ کا کردار ادا کر کے پیپلز پارٹی کے قیام کا مقصد پورا کردیا۔ ہم چیئرمین بلاول بھٹو پر ناز کرتے ہیں۔ جیالے کبھی بے وفائی نہیں کرتے۔ مارشل لاء کی سختیاں ہوں یا آمریت کا زہر تخت زار ہوں یا موت کا کھیل میرے قائد عوام اور شہید رانی اور شہدائے کارساز نے اپنی قیادت کی تقلید کی۔ بلاول بھٹو بی بی کی ہی نہیں پیپلز پارٹی کی وہ نشانی ہیں جسکی حفاظت جیالے جان دے کر بھی کریں گے وہ ملک کی تقدیر ہیں اور انکے وزیراعظم بننے کے بعد ملک میں معاشی انقلاب آئے گا بی بی کی طرح روزگار آئے گا۔ مزدور و طلبہ کسان کی جیت ہوگی۔ آج کا جلسہ ریفرنڈم تھا عوام نے فیصلہ دے دیا کہ انکی نسوں میں بی بی اور قائد عوام کی روح بستی ہے اور ہمارا جنون بلاول بھٹو کو وزیر اعظم بنا کر ہی ختم ہوگا یہ ملک کے ہر فرد کی آواز ہے۔

سگریٹ نوشی سے ہر سال ڈیڑھ سے دو لاکھ لوگ اپنی جانیں گنوا بیٹھتے ہیں، مصدق ملک

اسپارک نے تمباکو کنٹرول پالیسیوں سے متعلق ایک سیمینار منعقد کیا، حکومتی اہلکار، عوامی صحت کے وکلا، نے شرکت کی

تمباکو اور اس سے منسلک مسائل کے خاتمے پر گفتگو کی۔وزیر برائے پیٹرولیم مصدق مسعود ملک، نے تمباکو کے خلاف اجتماعی عمل کی اہمیت پر زور دیا

SPARC
CHROMATIC
HDF
SEMINAR ON
SU NABLE TOBACCO CONTROL POLICIES
WAY TO HEALTHIER P KISTAN
ISLA ARRIOTT
MARRIOTT

اسلام آباد (بیورو رپورٹ)اسپارک نے تمباکو کنٹرول پالیسیوں سے متعلق ایک سیمینار منعقد کیا جس میں حکومتی اہلکار، عوامی صحت کے وکلا، سول سوسائٹی کے افراد، اینٹی تمباکو کے کارکنان، اور نوجوانوں نے شرکت کی اور پاکستان میں تمباکو اور اس سے منسلک مسائل کے خاتمے پر گفتگو کی۔وزیر برائے پیٹرولیم، مصدق مسعود ملک، نے اپنی تقریر میں تمباکو کے خلاف اجتماعی عمل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا، "سگریٹ نوشی سے فائدہ کی بجائے مجموعی طور پر نقصان ہو رہا ہے۔ اس کے خلاف لڑائی آسان نہیں ہوگی، کیونکہ تمباکو نوشی کے خلاف جنگ اصل میں مافیا کے خلاف جنگ ہوگی۔" انہوں نے صحت کے سنگین مضمرات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا، "سگریٹ نوشی کا کینسر سے گہرا تعلق ہے، اور ایسی کوئی بیماری نہیں ہے جو اس سے منسلک نہ ہو۔ ہر سال 150,000 سے 200,000 لوگ سگریٹ نوشی کی وجہ سے فوت ہوتے ہیں۔ کیا ان ڈیڑھ دو لاکھ لوگوں کی جانوں کی کوئی اہمیت نہیں؟ سابق نگراں وزیر اطلاعات و نشریات، مرزا سولنگی، نے کہا، "تمباکو نوشی کو تو ابھی تک ایک مسئلے کے طور پر دیکھا ہی نہیں جا رہا۔" انہوں نے مزید کہا، "تمباکو نوشی سے نجات کے لئے ضروری ہے کہ ہم سب سے پہلے اسے اپنے لئیا یک جانی اور مالی خطرہ تسلیم کریں، اس کے بعد اپنے نظام کو اس طرح تشکیل دیں کہ وہ اس کے خلاف اہم اقدامات لے سکے۔عوامی صحت کی وکیل ڈاکٹر ماہین ملک نے ای-سگریٹ اور نیکوٹین کی تھیلیوں کے بڑھتے ہوئے خطرے کی نشاندہی کی اور ان مصنوعات پر سخت پابندیوں کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا، "ہمیں اپنے بچوں اور نوجوانوں کی حفاظت کے لیے تمباکو مصنوعات کے اشتہارات اور خرید وفروخت سے متعلق سخت پالیسیاں تشکیل دینا ہوں گی۔ ڈاکٹر خلیل احمد، پروگرام مینیجر سپارک نے پاکستان میں تمباکو کے استعمال کے مہلک اثرات پر زور دیتے ہوئے کہا، "تمباکو کے استعمال کی وجہ سے ہر سال 166,000 لوگ اپنی جانیں گنوا بیٹھتے ہیں، جو کہ ایک دن کے لحاظ سے تقریباً 450 اموات بنتی ہیں۔" انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ خاص طور پر نوجوانوں میں تمباکو کی کھپت کم کرنے کے لیے اہم اقدامات کرے۔ہیلتھ سروسز اکیڈمی سے ڈاکٹر متی الرحمٰن نے تمباکو کی وجہ سے ہونے والے صحت کے مسائل پر روشنی ڈالی۔ محمد صابر، اکانمسٹ، سوشل پالیسی اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر (SPDO) نے کہا، "تمباکو پر ٹیکس نہ صرف حکومت کے لیے اہم آمدنی پیدا کر سکتا ہے بلکہ یہ ملکی معیشت کے لئے بھی فائدہ مند ثابت ہوگا۔" اس سیمینار میں اسپارک کے بورڈ ممبر خالدہ احمد، سینیٹر سنا جمالی، پارلیمنٹیرین نثار احمد چیمہ، اور دیگر اہم شرکاء نے شرکت کی اور حکومت سے تمباکو کی روک تھام کے لیے سخت کاروائی اور پالیسیوں کی تشکیل کی اپیل کی۔

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی 00923339233351 ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ

موسم سرما میں پہاڑوں کی سیر اور بچے

عقیل انجم اعوان

سردیوں کے اس موسم میں گھر سے باہر نکلنے کو جی نہیں چاہتا اور اگر سیر وتفریح کے لئے سنو فال دیکھنے کے لئے کزنز یا دوستوں کے ہمراہ پروگرام بن جائے تو پھر گھر بیٹھنے کو جی نہیں چاہتا۔ برفباری دیکھنے کا اپنا ہی مزہ ہے، قدرت کے حسین مناظر دیکھنے کے لئے دوستو آپ کبھی بھی سردی کی پرواہ نہیں کرتے ہر سال موسم میں پہاڑی علاقوں میں برفباری کی آمد آمد ہے اور اسے دیکھنے کے لئے بچے اپنے والدین کے ساتھ مل کر پروگرام بنا رہے ہیں۔

تو دوستو! آج ہم آپ کی معلومات میں اضافہ کے لیے پہاڑی علاقوں کے متعلق بتا رہے ہیں۔

پرانے زمانے میں پہاڑی کچے کچے راستے بہت اہمیت رکھتے تھے۔ جن علاقوں سے یہ راستے گزرتے تھے وہاں کے حکمران یا زمیندار اپنے دفاع کے لئے بلندی پر قلعہ بناتے تھے علاوہ ازیں یہاں سے گزرنے والے مسافروں سے راہداری اور چونگی بھی وصول کرتے تھے اس کا مطلب یہ نہیں کہ اب پہاڑی راستوں کی کوئی اہمیت نہیں۔ پہاڑی راستے اب بھی بڑے اہم ہیں پہاڑی علاقوں میں آبادی ہے جبکہ وسائل میں کمی کی وجہ سے یہ لوگ میدانی علاقوں میں چلے جاتے ہیں۔

موسم سرما میں آپ میں سے اکثر دوست اپنے والدین کے ہمراہ ان علاقوں میں برفباری کا منظر دیکھنے جاتے ہیں ایسا منظر دیکھ کر جہاں آپ بہت لطف اندوز ہوتے ہیں وہاں انسان دنگ بھی رہ جاتا ہے۔ ایسے ایسے خوبصورت مناظر قدرت کے شاہکار کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ موسم گرما میں یہاں بارشوں کا نہ تھمنے والا سلسلہ جاری رہتا ہے اور وہاں ہفتہ وہفتے گزارے جاسکتے ہیں جبکہ راستے بھی بند نہیں ہوتے اور آمد ورفت کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے، سردیوں کے موسم میں یہاں خوب برفباری ہوتی ہے اور اس وجہ سے ٹریفک کے تمام راستے بند کر دیے جاتے ہیں جبکہ تفریح کی غرض سے جانے والے وہاں محصور ہو کر رہ جاتے ہیں سردی اتنی شدت کی ہوتی ہے کہ کمرے سے باہر نکلنا انتہائی مشکل ہوتا ہے۔ تو دوستو آپ سوچ رہے ہوں گے کہ مقامی لوگ اس شدید سردی میں کیسے زندگی بسر کرتے ہوں گے، تو ہم آپ کو بتائے گے کہ وہ اس سرد موسم میں کیا کرتے ہیں۔ مقامی لوگ خوشگوار موسم میں کھانے پینے کا سامان سٹور کر لیتے ہیں۔ موسم سرما میں چونکہ برفباری زیادہ ہوتی ہے مقامی لوگ اس موسم میں کوئی کام کاج نہیں کرتے۔

دوستو پہاڑی علاقوں میں چھٹیاں گزارنا یقیناً آپ کو بہت اچھا لگتا ہوگا لیکن یہاں مستقل طور پر زندگی گزارنا بہت مشکل ہے۔ مقامی لوگوں کا وہاں ایسی زندگی گزارنا معمول بن چکا ہے اس لئے ان کا وہاں رہنا کوئی مشکل نہیں۔

دوستو! پہاڑ ایک رنگ کے اور ایک جیسے بھی نہیں ہوتے۔ ہر پہاڑ ایک خاص قسم کی مٹی اور چٹانی تہوں سے مل کر بنتا ہے زیادہ تر پہاڑ ایک ہی طرح کی چٹانی تہوں سے مل کر بنتے ہیں اور ایسے پہاڑ بھی ہیں جو مختلف تہ دار چٹانوں سے مل کر بنتے ہیں۔ ان پر مختلف رنگوں کی چٹانی تہیں صاف نظر آتی ہیں۔ پہاڑوں پر بسنے والے لوگوں نے بھی آہستہ آہستہ یہاں کے موسموں اور قدرتی ماحول کے مطابق رہنا سیکھ لیا ہے۔ اپنی سہولت کے لئے انہیں تبدیل نہیں کیا بلکہ اپنے آپ کو اس ماحول کے مطابق بدل لیا ہے۔ آج کے جدید سائنسی دور میں لوگ معدنیات کی تلاش میں پہاڑوں کو تباہ کر رہے ہیں دوسری طرف انہیں توڑ پھوڑ کر نئی سڑکیں اس لئے تعمیر کی جارہی ہیں تاکہ راستہ مختصر اور آسان ہو جائے۔

تو دوستو اس دفعہ آپ اپنے والدین کو ضرور کہیے کہ وہ آپ کو موسم سرما میں پہاڑی علاقے کی سیر ضرور کروائے تاکہ آپ برف باری سے لطف اندوز ہو سکے۔

سچی باتیں

1۔ جس نے خدا کو خدا سمجھا اس نے ہر چیز کو سمجھ لیا۔
2۔ سب سے بڑی خیانت قوم سے غداری کرنا ہے۔
3۔ آپس میں ایک دوسرے سے بھلائی کرنا۔
4۔ وہ شخص سب سے اچھا ہے جس کا اخلاق سب سے اچھا ہے۔
5۔ ایمان محبت کامل کا نام ہے۔
6۔ سفارش کرکے ثواب حاصل کرو۔
7۔ غدار ہمیشہ دوستوں میں سے ہوتے ہیں۔
8۔ بہتر دانائی لوگوں سے محبت کرنا ہے۔
9۔ تمام کاموں میں درمیانی حالت رکھنا اچھی بات ہے۔
10۔ نفرت نفرت سے نہیں مٹتی محبت سے ختم ہوتی ہے۔
11۔ محبت میں ادب اور بے ادبی کا فرق نہیں۔
12۔ آپس میں تحفوں کا تبادلہ کیا کرو یہ محبت کا باعث ہوتا ہے۔
13۔ محبت عین ایمان ہے۔
14۔ محبت میں انسان اندھا ہو جاتا ہے۔
15۔ رضائے یار عاشق کا ایمان ہے۔

(حافظہ عشاء ظفر اقبال)

رس گلے

رشید (حمید سے) مجھے حساب کے ماسٹر بہت پسند ہیں۔
حمید ارے وہ کیوں؟
رشید وہ مجھے بات بات پر کلاس سے باہر نکال دیتے ہیں۔

مضبوطی

مالک! تمہیں دفتر میں آئے ہوئے صرف ایک ہفتہ ہوا ہے اور تم نے تین کرسیاں توڑ ڈالی ہیں۔
ملازم! ایسی تو آپ کے اشتہار میں تھا کہ کوئی مضبوط آدمی چاہئے۔

سنگھار میز

ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر میاں بیوی کھڑے تھے۔ ان کے ساتھ قلی تھا جس کے سر پر اور دونوں ہاتھوں میں آٹھ دس سوٹ کیس، چند ٹوکریاں اور صندوق تھے۔ اچانک میاں نے غصے سے بیوی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تم اپنا سنگھار میز بھی لے آتیں۔ "اس وقت مذاق کی کیا تک ہے" بیوی نے کہا۔ شوہر نے جواب دیا: میں مذاق نہیں کر رہا ٹکٹ سنگھار میز کی دراز میں چھوڑ آیا ہوں۔

(ثمرہ شبیر بھٹی، فیصل آباد)

مجبوری

ایک آدمی نے آگے سے قمیص پتلون کے اندر کی ہوئی تھی اور پیچھے سے باہر نکالی ہوئی تھی۔ کسی نے پوچھا: "بھائی، یہ کوئی نیا فیشن ہے؟" وہ بولا: "نہیں بھائی، اصل میں آگے سے قمیص اور پیچھے سے پتلون پھٹی ہوئی ہے"۔

افسوس

مشہور مزاح نگار، مارک ٹوئن ایک بار شدید بیمار ہوگئے۔ اس پر ایک خبر رساں ایجنسی کی غلط رپورٹنگ کے باعث اخبارات میں یہ خبر چھپ گئی کہ ان کا انتقال ہوگیا ہے۔ مارک ٹوئن نے اس خبر کی تردید کے لیے اخبار کے دفتر فون کیا۔ ایڈیٹر نے معذرت کی۔ دوسرے دن اخبار میں تردید یوں شائع ہوئی: "ہمارے اخبار میں مارک ٹوئن کے انتقال کی خبر غلطی سے چھپ گئی تھی۔ ہمیں افسوس ہے کہ مارک ٹوئن ابھی زندہ ہیں"۔

اقوال زریں

☆ اللہ سے سودا کرو نفع کماؤ گے۔
☆ تلوار کا وار جسم کو زخمی کرتا ہے اور بری بات روح کو گھائل کرتی ہے۔
☆ اے انسان! اللہ نے تجھے اپنے لیے بنایا تو دوسروں کا نہ بن۔
☆ وہ علم جس کی آڑ میں دنیا کمائی جائے بہت برا ہے۔
☆ سب سے بڑا خطا کار وہ ہے جو دوسروں کی برائیاں بیان کرتا ہے۔

(نورین سلیم، بوریوالا)

☆☆☆☆

استاد ایک خوبصورت لفظ ہے جو دنیا کی تمام خوبصورتی اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے، اگر دنیا سے استاد ختم ہو جائیں تو پھر جاہلیت کے کانٹے انسانیت کا دامن تار تار کردیں اور ہر طرف بازگشت سنائی دینے لگے۔ استاد عظیم ہے اور جن دلوں میں استاد سے محبت ہوتی ہے وہ زندگی میں بھی عظیم ہوتے ہیں۔ اسی لیے استاد کی عزت کرو تاکہ جاہلیت کے کانٹے ہمارے دامن تک نہ پہنچ سکیں۔ آخر میں ایک نظم اپنی عظیم استاد مس الماس کے لیے:

قلم میرے ہاتھ میں تھمایا استاد نے
ہاتھ پکڑ کر لکھنا سکھایا استاد نے
علم سے پہلے میں جاہلوں کی مانند تھی
اب باوقار بنایا استاد نے
چھوٹی چھوٹی باتوں پہ ہم بہت جھگڑتے تھے
اب بڑی بڑی کو منانا سکھایا استاد نے
بولنے کا سلیقہ تھا نہ لکھنے کا تھا ڈھنگ
اب اس مقام تک پہنچایا استاد نے
خدیجہ تو ہر دم ادب کر استاد کا
جیسے باادب بنایا استاد نے

(حافظہ خدیجہ اصغر کھاریانوالہ شیخوپورہ)

اقوال شیخ سعدیؒ

☆ خدا کی عبادت خدا کے قریب کرتی ہے۔
☆ شرافت عقل وادب سے ہے نہ کہ مال ونسب سے۔
☆ کارخانہ قدرت میں فکر کرنا بھی عبادت ہے۔
☆ علم مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے اور تم مال کی حفاظت کرتے ہو۔
☆ شکایت کا ترک کرنا صبر ہے۔
☆ تیرے سب سے بڑے دشمن تیرے ہم نشین ہیں۔
☆ میزان اعمال کو خیرات کے وزن سے بھاری کر۔

(اسامہ احمد، لاہور)

تیس مار خان

محمد شکیل لودھی، بوریوالہ

پرانے زمانے کی بات ہے کسی گاؤں میں ایک غریب آدمی رہتا تھا۔ اس کا صرف ایک ہی بیٹا تھا جو اکثر جنگل میں شکار کھیلنے جایا کرتا تھا۔ ایک روز کافی دیر شکار کی تلاش میں ادھر ادھر گھومتا رہا۔ آخرکار تھک گیا اور ایک درخت کے سائے میں آرام کرنے کے لیے لیٹ گیا۔ کچھ ہی دیر بعد اس کی آنکھ لگ گئی اور وہ گہری نیند سو گیا۔ اچانک کسی طرف سے اسے شیر کی آواز سنائی دی۔ وہ خوفزدہ ہو گیا۔ حیرانی کے عالم میں ادھر ادھر دیکھنے لگا۔ لیکن اسے بالکل معلوم نہ ہو سکا کہ آواز کدھر سے آئی۔ کچھ دیر بعد دوبارہ آواز آئی۔ وہ ڈر گیا لیکن پھر اس نے ہمت کی اور بہادری کا مظاہرہ کر کے آگے بڑھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک شیر بہت بڑے گڑھے میں گرا ہوا ہے اور وہ بھوک پیاس سے مکمل طور پر نڈھال ہے۔ گڑھے میں بہت زیادہ کیچڑ تھا اس لیے باہر نکلنا اس کے لیے ناممکن تھا۔ شیر کو مصیبت میں دیکھ کر اس کا دل بھر آیا۔ اس نے سوچا کہ کسی نہ کسی طرح شیر کو اس گڑھے سے نکالنا چاہیے۔ اس کے لیے وہ ترکیبیں سوچنے لگا۔ اس نے سوچا کہ شیر کئی دنوں سے بھوکا ہے۔ اگر میں اسے کچھ دن کھانے کو دوں تو ہو سکتا ہے کہ یہ مجھ سے مانوس ہو جائے۔ اب وہ ہر روز جنگل میں شکار کے لیے نکل جاتا اور جو شکار کرتا وہ لا کر شیر کے آگے ڈال دیتا۔ چند روز اسی طرح گزر گئے۔ اب شیر روزانہ بڑی شدت سے اس کے کھانا لانے کا انتظار کرتا اور اسے محبت بھری نگاہوں سے دیکھنے لگا۔ اب نوجوان کو اندازہ ہو گیا کہ شیر اس کے لیے خوفناک نہیں ہے۔ آخر ایک دن وہ گھر سے کدال لے کر آیا۔ اس نے گڑھے کے ایک طرف سے مٹی کھود کر ڈھلوانی راستہ بنایا۔ آخرکار شیر باہر آ گیا۔ شیر نے شکریے کے طور پر اس کے پاؤں چاٹے اور جنگل کو نکل گیا۔ ایک دن نوجوان حسب معمول شکار کے لیے نکلا اسے اور تو کوئی شکار کے لیے نہ ملا لیکن اس نے تیس چڑیاں مار لیں۔ واپسی پر اس کے ساتھیوں نے پوچھا آج تم نے کیا شکار کیا ہے؟ اس نے کہا تیس چڑیاں۔ اس کے دوستوں نے اس کا نام "تیس مار" رکھ دیا۔ اس نے اپنا یہ نام بڑا پسند کیا۔ وہ خوشی خوشی گھر آیا اور ماں سے کہنے لگا ماں! میں "تیس مار" ہوں۔ اس کی ماں نے حیرانی سے کہا کہ تو تو کوئی کام نہیں کرتا۔ سارا دن فارغ پھرتا ہے۔ "تیس مار" کیسے بن گیا؟ اس نے جواب دیا ماں! میں نے تیس چڑیاں ماری ہیں اس لیے میں "تیس مار" ہوں۔

ان دنوں بادشاہ نے اپنے دربار میں ایک بہت بڑا میلہ لگوانے کا اعلان کروایا اور کہا کہ جو شخص میلے میں شیر کی پشت پر سواری کرے گا اسے شاندار انعام سے نوازا جائے گا۔

بادشاہ کا دربار لگ گیا۔ ایک شیر ایک بند اکھاڑے میں چھوڑا گیا اور اعلان کروایا اور کہا کہ جو شخص اس شیر کی پشت پر سواری کرے گا اسے منہ مانگا انعام دیا جائے گا۔ ایک آدمی شیر پر سواری کرنے کے لیے میدان میں آیا تو شیر اس پر جھپٹا اور دیکھتے ہی دیکھتے اسے سب کے سامنے چیر پھاڑ دیا۔ تیس مار میدان میں اترا۔ اس کے ماں باپ پریشان تھے کہ پہلے آدمی کی طرح ان کا بیٹا بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ اس نے شیر کی کمر پر ہاتھ رکھا اور اس پر سوار ہو گیا۔ شیر بالکل نہیں ہلا۔ دراصل شیر نے اسے پہچان لیا تھا کہ یہ وہی شخص ہے جس نے گڑھے میں اسے خوراک دی اور پھر اسے نکالا تھا۔ ہر طرف سے تحسین و آفرین کے نعرے بلند ہوئے۔

بادشاہ نے تیس مار کو منہ مانگا انعام دیا اور کہا "تو بہت بہادر ہے اگر تو میرا ایک کام کر دے تو میں تجھے اپنی آدھی سلطنت دے دوں گا"۔ تیس مار نے کہا: بادشاہ سلامت! آپ مجھے کام بتائیں۔ بادشاہ نے کہا میری ایک بیٹی ظالم جادوگر کی قید میں ہے تو اسے رہائی دلا دے۔

"تیس مار" جنگل کی طرف روانہ ہو گیا اور بہت شام ہو چکی تھی۔ چنانچہ جنگل میں ایک کنویں کے قریب درخت تھا۔ "تیس مار" نے سوچا اس درخت پر چڑھ کر سو جاتا ہوں تاکہ ظالم جادوگر مجھے دیکھ نہ سکے۔ تھوڑی دیر بعد "تیس مار" نے دیکھا کہ ایک خوب صورت نوجوان لڑکی کنویں میں نڈھال پڑی ہے۔ تیس مار سمجھ گیا کہ یہ بادشاہ کی ہی بیٹی ہے اور جو جادوگر کی قید میں ہے۔ صبح ہوتے ہی تیس مار نے جب جادوگر جا چکا تھا کنویں میں آواز دی مجھے بادشاہ نے بھیجا ہے اور میں تمہاری مدد کرنے آیا ہوں اور تم اب میرے ساتھ چلو۔ بادشاہ کی بیٹی بہت گھبرائی اور بولی اس وقت تم جاؤ اور آدھی رات کو آنا جب جادوگر گہری نیند سو رہا ہو گا۔ تیس مار نے اس کی بات مانی اور جب آدھی رات ہو چکی تھی اور اس نے رسے کو آہستہ آہستہ کنویں میں گرایا اور بادشاہ کی بیٹی رسے کے ذریعے کنویں سے باہر آ گئی اور پھر دونوں کنویں کے ارد گرد گھاس اکٹھی کی اور اس کو آگ لگا کر کنویں میں دھکیل دیا۔ جادوگر اس آگ میں جل کر مر گیا اور پھر بادشاہ نے وعدے کے مطابق "تیس مار" کو آدھی سلطنت دے دی۔

صنعت و تجارت

عالمی سطح پر پاکستان کا اعتماد بحال ہو رہا ہے، میاں زاہد

ٹیکس نیٹ میں توسیع، معیشت سنبھل رہی، غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان میں دلچسپی لے رہے ہیں

ایس سی او کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر حکومت اور آرمی چیف کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم وآل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ حکومت اور آرمی چیف کی کوششوں سے عالمی سطح پر پاکستان کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ ایس سی او کانفرنس کے کامیاب انعقاد سے پاکستان کے لیے معاشی ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ آرمی چیف کی جانب سے عوام اور کاروباری برادری کے اعتماد کی بحالی کی کوششیں بھی خوش آئند ہیں۔ حکومت اور آرمی چیف کی کوششوں سے ڈالر اور اشیاء کی اسمگلنگ اور ملک سے سرمائے کے فرار میں کمی آئی ہے۔ آئی پی پیز کو لگام ڈالی جا رہی ہے پانچ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے کینسل کر دیے گئے ہیں جس سے اربوں روپے کی بچت ہوگی، مزید آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں۔ ٹیکس نیٹ میں توسیع ہو رہی ہے، معیشت سنبھل رہی ہے روپیہ مستحکم ہے اور غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف آرمی چیف نے ملکی ساکھ اور معیشت کی بحالی کو ایسے وقت میں بطور چیلنج قبول کیا جب معیشت تباہ و برباد ہو چکی تھی، روزگار ختم ہو گئے تھے، بجلی کے بل عوام کی آمدن سے بڑھ گئے تھے، لوگ ہزاروں کی تعداد میں ملک سے بھاگ رہے تھے اور عالمی برادری میں پاکستان کی حیثیت ختم ہو چکی تھی۔ سپہ سالار نے اپنے پلان کو صرف تحریر و تقریر تک محدود نہ رکھا بلکہ ایس آئی ایف سی کی شکل میں عملی اقدامات کئے جن کا ملک بھر اور بیرون ملک خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ آرمی چیف معاشی معاملات سے نابلد نہیں بلکہ اس معاملہ پر انکی گرفت مضبوط ہے وہ عام آدمی کے مسائل سے لاتعلق نہیں ہیں وہ حکومت اور وزیر خزانہ سے ہر ممکن تعاون کر رہے ہیں جس سے ملک کی حالت بدلنا شروع ہو گئی ہے۔ اب درآمد کنندگان کی ایل سیز کھل رہی ہیں تاہم انڈر انوائسنگ اور اوور انوائسنگ کا سلسلہ ختم کیا جا رہا ہے۔ سرمایہ کاروں کو ڈالر مناسب ریٹ پر مل رہا ہے۔ قومی جوان اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں اور اہم شہروں میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے۔ فارما، زراعت، آئی ٹی اور دیگر شعبے ترقی کر رہے ہیں، مہنگائی کم ہو رہی ہے، شرح سود میں کمی کا واضح امکان ہے، آئل اور گیس کے ذخائر دریافت کئے جا رہے ہیں اور بجلی کی قیمت دس سینٹ تک لانے کے منصوبے پر کام ہو رہا ہے۔

بینکوں کو 4093 ارب روپے فراہم کر دیئے، اسٹیٹ بینک

روایتی بینکوں کو 28 روز کے مارکیٹ آپریشن میں 26 ارب روپے دیئے گئے ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکوں کو 4093 ارب روپے فراہم کر دیئے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے کہا گیا ہے کہ روایتی بینکوں کو 7 روز کے مارکیٹ آپریشن میں 4041 ارب روپے دیئے ہیں، یہ 7 دن کی فنڈنگ 17.56 فیصد سالانہ شرح سود پر کی ہے۔ روایتی بینکوں کو 28 روز کے مارکیٹ آپریشن میں 26 ارب روپے دیئے گئے ہیں، یہ 28 دن کی فنڈنگ 17.59 فیصد سالانہ شرح سود پر کی گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق اسلامی بینکوں کو 25 ارب روپے 7 روز کے مارکیٹ آپریشن میں دیئے ہیں، اسلامی بینکوں کو 7 دن کی فنڈنگ 17.56 فیصد شرح منافع پر کی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق اسلامی بینکوں نے 28 روز کی فنڈنگ کے لیے کوئی پیشکش ارسال نہیں کی۔

تاجروں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ناصر قریشی

چیمبر سی ڈی اے اور دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر مارکیٹوں کی ترقی کے لیے کام کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر ناصر منصور قریشی نے کہا ہے کہ وہ اور ان کی پوری ٹیم تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کے لیے پر عزم ہے۔ چیمبر سی ڈی اے اور دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر مارکیٹوں کی ترقی کے لیے کام کر رہا ہے تاکہ انہیں بہتر معنوں میں دلکش شکل دی جا سکے۔ انہوں نے یہ بات ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن G11 مرکز کے صدر ملک نعیم اختر اعوان کی قیادت میں ایک بڑے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس نے ICCI کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دینے کے لیے چیمبر کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی سی آئی کے کم و بیش 10 ہزار ممبران ہیں اور ان کے مسائل کے حل کی ذمہ داری ان پر عائد ہوتی ہے اور وہ چیمبر کے انفراسٹرکچر کو بہتر کر کے انہیں کاروبار کرنے میں آسانی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔ صدر ناصر قریشی نے حاضرین کو یقین دلایا کہ ان کے تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے جن میں G11 مرکز سے تجاوزات بالخصوص ریڑھیوں کا خاتمہ شامل ہے جس سے وہاں کے کاروبار بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر کاروبار کے فروغ اور صارفین کی سہولت کے لیے مختلف مارکیٹوں میں تقریبات منعقد کرنے پر غور کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹ ایسوسی ایشنز کے عہدیداران تاجروں کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ تاجروں کی خدمت کے لیے اپنے کاروبار اور خاندانی ذمہ داریوں کو قربان کر دیتے ہیں، جو کہ قابل تعریف ہے۔ نعیم اختر اعوان صدر ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن G11 مرکز، اسلام آباد نے کہا کہ سی ڈی اے کی عدم توجہی کی وجہ سے ان کی مارکیٹ بنیادی سہولیات سے محروم ہے اور تاجروں کو بہت سے مسائل کا سامنا ہے، خاص کر پارکنگ کا مسئلہ سمیت تجاوزات۔ سینئر نائب صدر عبدالرحمن صدیقی نے کہا کہ چیمبر کی پالیسی بہت واضح ہے اور یہ کاروباری دوستانہ ماحول کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے مارکیٹ کے نمائندوں کو آن بورڈ رکھے گا۔ نائب صدر ناصر محمود چوہدری نے مہمانوں کا چیمبر آنے پر شکریہ ادا کیا۔

بزنس مین مشکلات سے دوچار، مسائل کا حل ضروری ہے، زاہد اقبال

پاکستان کے معاشی حالات میں بہتری آرہی ہے، جاری کھاتے کا خسارہ مزید کم ہو گیا

تلہ گنگ چیمبر کا قیام معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اہم ثابت ہوگا، تقریب سے خطاب

کراچی (بزنس رپورٹر) سابق نائب صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری زاہد اقبال چوہدری نے کہا ہے کہ ملک شبیر اعوان اور انکی ٹیم کی قیادت میں تلہ گنگ چیمبر کا قیام ضلع کی تعمیر وترقی، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ خطہ پوٹھوار کے ممتاز بزنس کمیونٹی لیڈر ملک شبیر اعوان اور انکی ٹیم کی جانب سے منعقدہ تقریب پذیرائی میں گفتگو کرتے ہوئے زاہد اقبال چوہدری نے کہا کہ بزنس کمیونٹی تلہ گنگ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قیام میں سیکرٹری جنرل یونائیٹڈ بزنس گروپ ظفر بختاوری کی کاوشوں اور سرپرستی کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اس موقع پر ناصر محمود چوہدری، بابر چوہدری اور سید عمران بخاری بھی موجود تھے۔ زاہد اقبال چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے معاشی حالات میں بہتری آرہی ہے، جاری کھاتے کا خسارہ مزید کم ہو کر 13 ماہ کی کم ترین سطح پر آگیا ہے، مہنگائی بھی کم ہو کر 12.6 فیصد پر آگئی ہے اور توقع ہے کہ ملک کے بیرونی کھاتے کی پوزیشن مزید مستحکم ہوگی، ملک کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری آئے گی لیکن انڈسٹری کو بجلی کی کم سے کم قیمت پر فراہمی سے پیداواری لاگت میں کمی آئے گی اور عالمی مارکیٹ میں ایکسپورٹرز مسابقت کے قابل ہو سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اور صنعتکار آج جن مشکلات سے دوچار ہیں، یو بی جی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر اور دیگر قیادت حکومت تک کاروباری برادری کے مسائل پہنچا رہی ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت ترجیحی بنیادوں پر مسائل کا خاتمہ کرے۔

حکومت اور ایس آئی ایف سی بہتر کام کر رہی ہے، ایس ایم تنویر

2025 معیشت کی بہتری کا سال، شرح سود کم ہو گی تو سرمایہ کاری میں اضافہ ہو گا

کراچی (بزنس رپورٹر) سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ و سابق صوبائی وزیر ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ اچھی خبریں آنے لگی ہیں، جی ڈی پی بڑھ گئی ہے، کرنسی ریٹ کم ہوا، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوا ہے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ سٹاک ایکسچینج انڈیکس مسلسل بڑھ رہا ہے، برآمدات 27 ارب ڈالر سے بڑھ کر 33 ارب ڈالر ہو گئی ہیں، یہ سارے مثبت اشارے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکومت اور ایس آئی ایف سی بہتر کام کر رہی ہے۔ سابق صوبائی وزیر نے کہا ہے پانچ آئی پی پیز کو 60 ارب سالانہ بغیر بجلی بنائے مل رہے تھے، حکومت نے ان 5 آئی پی پیز کے معاہدے منسوخ کر دیئے ہیں، ابھی ان معاہدوں کی منسوخی سے 71 پیسے فی یونٹ نرخ کم ہوں گے، یہ بڑی بچت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزید آئی پی پیز کو نوٹس جاری ہو چکے ہیں، ابھی بھی آئی پی پیز کو 1.1 ٹریلین روپے اضافی دے رہے ہیں، ہمیں اب یہ کرنا ہے کہ جو بجلی لیں گے صرف اس کے پیسے دیں گے، اگر مزید معاہدے منسوخ ہوں تو بجلی دس روپے فی یونٹ مزید سستی ہوگی۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ تمام اخراجات کے ساتھ بجلی نرخ 26 روپے فی یونٹ سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں، جتنا جلدی ہو سکے آئی پی پیز معاہدوں پر نظر ثانی کریں مہنگی بجلی سے صنعت بند ہو رہی ہے۔ سابق صوبائی وزیر نے کہا کہ 2025 ہماری معیشت کی بہتری کا سال ہے، بلند شرح سود کی وجہ سے 27 ارب ڈالر کے برابر رقم بینکوں میں پڑی ہیں، شرح سود کم ہوگی تو سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔

صنعتی ترقی کیلئے آسان شرائط پر قرضے دیئے جائیں، سرحد چیمبر

کاروباری طبقے کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولتیں فراہم کی جائیں، صدر فضل مقیم خان

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فضل مقیم خان نے حکومت اور سٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ خیبر پختونخوا میں چھوٹے پیمانے پر کاروبار و صنعتی ترقی کیلئے آسان شرائط پر قرضوں کے اجراء سمیت صوبے لینڈنگ کی شرح کو بہتر بنانے کے لئے کمرشل بینکوں کو خصوصی ہدایات جاری کریں تاکہ خیبر پختونخوا سے فلائٹ آف کیپٹل اور برین ڈرین کو روکا جاسکے۔ کمرشل بینکوں نے خیبر پختونخوا کو ریڈ زون ڈکلیئر کیا ہے جس کی وجہ سے بزنس کمیونٹی کو قرضوں کے حصول میں مشکلات اور دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیکن اس کے برعکس کمرشل بینکوں کی جانب سے مختلف فورم پر قرضوں کے حصول کیلئے بزنس کمیونٹی کو دعوتیں دی جاتی ہیں لہٰذا اس سٹیٹ بینک آف پاکستان کو چاہئے کہ وہ خیبر پختونخوا کو ریڈ زون سے نکالنے کے لئے ہدایات جاری کریں۔ ملک وصوبے کی معاشی ترقی و خوشحالی کیلئے حکومت اور سٹیٹ بینک اپنا موثر کردار ادا کرتے ہوئے کاروباری طبقہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز سٹیٹ بینک آف پاکستان پشاور کے چیف منیجر وقار علی سے چیمبر ہاؤس میں ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات کے دوران بزنس کمیونٹی کے لئے بینکوں کے ذریعے آسان شرائط پر قرضوں کے اجراء، مشترکہ پراجیکٹ کے تحت ایس ایم ایز کی ترقی اور کاروبار وتجارت دوست اقدامات اٹھانے پر اتفاق ہوا۔ اس موقع پر سٹیٹ بینک آف پاکستان کے چیف منیجر وقار علی نے سرحد چیمبر کے صدر فضل مقیم خان اور ان کی کابینہ کو مبارکباد دی اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے چھوٹے و درمیانے درجہ کے کاروبار وصنعت کی ترقی کے لئے مختلف پروگراموں کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ صدر سرحد چیمبر فضل مقیم خان نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسٹیٹ بینک اور کمرشل بینکوں کی جانب سے یکساں پالیسیوں کے نفاذ پر زور دیا ہے تاکہ خیبر پختونخوا کے تاجر وصنعت کار کو امپورٹ اور ایکسپورٹ کے حوالے سے مشکلات درپیش ہیں ان کا فوری طور پر ازالہ کیا جاسکے اور خیبر پختونخوا میں کاروبار و معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو اور یہاں سے تیزی سے فلائٹ آف کیپٹل اور برین ڈرین کو روکا جاسکے۔

شوبز و اسپورٹس

ایمرجنگ ایشیا کپ: پاکستان شاہینز آج روایتی حریف کے خلاف مدمقابل

پاکستان شاہینز گروپ بی میں انڈیا اے، متحدہ عرب امارات اور میزبان عمان کے ساتھ ہے، فارمیٹ ٹی ٹوئنٹی ہوگا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان شاہینز اے سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ایمرجنگ ٹیمز ایشیا کپ میں کل اپنا پہلا میچ انڈیا اے کے خلاف کھیلے گی۔ جمعہ سے شروع ہونے والا یہ ٹورنامنٹ مسقط، عمان کے عمان کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ میں کھیلا جا رہا ہے۔ پاکستان شاہینز گروپ بی میں انڈیا اے، متحدہ عرب امارات اور میزبان عمان کے ساتھ ہے جبکہ گروپ اے میں بنگلہ دیش اے، سری لنکا اے، ہانگ کانگ اور افغانستان اے شامل ہیں۔ محمد حارث کی قیادت میں پاکستان شاہینز ٹیم 21 اکتوبر کو میزبان عمان سے مقابلہ کرے گی جبکہ اس کا تیسرا گروپ میچ 23 اکتوبر کو متحدہ عرب امارات کے خلاف ہوگا۔ ہر گروپ سے دو دو ٹیمیں 25 اکتوبر کو کھیلے جانے والے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ فائنل 26 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے میچز ایشین کرکٹ کونسل کے یوٹیوب چینل پر لائیو نشر ہوں گے۔ پاکستان شاہینز نے عمان روانگی سے قبل کراچی کے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر میں پانچ روزہ تربیتی کیمپ میں شرکت کی۔ یہ اے سی سی ایمرجنگ ٹیمز ٹورنامنٹ کا پہلا ایڈیشن ہے جو ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلا جا رہا ہے جبکہ 2013، 2017، 2018، 2019 اور 2023 میں پچھلے پانچ ایڈیشن ون ڈے فارمیٹ میں کھیلے گئے تھے۔ پاکستان 2019 میں سعود شکیل اور 2023 میں محمد حارث کی قیادت میں یہ ٹورنامنٹ جیت چکا ہے۔ کپتان محمد حارث کا کہنا ہے کہ یہ ٹورنامنٹ اسکواڈ کے تمام کھلاڑیوں کے لیے موقع ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ ہمارے تینوں گروپ میچز ہماری صلاحیتوں کو جانچنے اور دباؤ میں مقابلہ کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ ہمارے اسکواڈ کے کھلاڑی دو وائٹ بال ڈومیسٹک ٹورنامنٹس کھیلنے کے بعد اس ٹورنامنٹ میں حصہ لے رہے ہیں اور مجھے امید ہے کہ یہ کھلاڑی پہلے میچ سے ہی اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

شان مسعود بطور شکستوں کا جمود توڑنے میں کامیاب

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قومی ٹیم کے ریڈ بال فارمیٹ کے کپتان شان مسعود بطور شکستوں کا جمود توڑنے میں بالآخر کامیاب ہو گئے۔ ملتان میں کھیلے گئے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں مہمان ٹیم انگلینڈ کو 152 رنز سے شکست دیکر سیریز 1-1 سے برابر کی، یہ ہوم گراؤنڈ پر پاکستان کی 3 سال بعد پہلی فتح تھی۔ اس میچ میں قومی ٹیم کے اسپنرز ساجد خان اور نعمان علی نے بالترتیب 20 وکٹیں حاصل کیں اور ہوم گراؤنڈ پر 1349 دن کے طویل انتظار کے بعد پہلی فتح سمیٹی۔ اس سے قبل شان مسعود مسلسل 6 ٹیسٹ میچز ہارنے کا ناپسندیدہ ریکارڈ اپنے نام کر چکے ہیں، انکی کپتانی میں گرین شرٹس نے مسلسل 6 میچز ہارے جبکہ جس میں بنگلہ دیش کے خلاف ہوم گراؤنڈ پر کلین سوئپ بھی شامل تھا۔

پنک پولو کپ: ماسٹر پینٹس کی فائنل میں رسائی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) جناح پولو فیلڈز کے زیر اہتمام پنک پولو کپ 2024ء کے چوتھے روز دو اہم میچز کھیلے گئے جن میں ماسٹر پینٹس اور نیو ایج کیبلز کی ٹیمیں فاتح رہیں۔ جناح پولو فیلڈز میں پنک پولو کپ 2024ء کے لیگ میچز جاری ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری کلب میجر علی تیمور اور دیگر تماشائی بھی موجود تھے۔ پہلے میچ میں ماسٹر پینٹس کی ٹیم نے زبردست مقابلے کے بعد ایف جی/دین پولو کی ٹیم کو 9-7 سے ہرا دیا۔ ماسٹر پینٹس کی طرف سے ایرانی کھلاڑی حامد رضا بہبودی نے 9 خوبصورت گول سکور کیے اور اپنی ٹیم کو زبردست فتح دلا کر فائنل میں پہنچا دیا۔

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جنوبی افریقہ کی فائنل میں رسائی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کے پہلے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ ویمنز نے آسٹریلیا کو 8 وکٹوں سے ہرا کر فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا۔ جنوبی افریقہ نے 135 رنز کا ہدف صرف 2 وکٹوں کے نقصان پر پورا کر لیا۔ انیک بوش نے 74 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی جبکہ کپتان لورا وولوارڈٹ 42 رنز کیساتھ نمایاں رہیں۔

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ: چیلنجرز اور اسٹرائیکرز کی کامیابی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں جمعہ کے روز کھیلے گئے میچوں میں چیلنجرز اور اسٹرائیکرز نے کامیابی حاصل کی۔ ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں کھیلے گئے پہلے میچ میں چیلنجرز نے اسٹارز کو 44 رنز سے شکست دی۔ چیلنجرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں 4 وکٹوں پر 102 رنز بنائے۔ عادیہ نور نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ اسٹارز کی ٹیم جواب میں 9 وکٹوں پر 58 رنز بنا سکی۔ کوئی بھی بیٹر ڈبل فگرز میں نہ آسکی۔ سب سے بڑا اسکور 29 رنز ایکسٹرا کے تھے۔ اقصی بی بی نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ دوسرے میچ میں اسٹرائیکرز نے انوینسیبلز کو 7 وکٹوں سے ہرا دیا۔ انوینسیبلز کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 28 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

ایچی سن کالج جونیئر ٹینس چیمپئن شپ: سیمی فائنل لائن اپ مکمل

لاہور (سپورٹس رپورٹر) اسد زمان، ابوبکر، حیدر، اور سلار نے ایچی سن کالج جونیئر ٹینس چیمپئن شپ سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ لاہور: علی امیر یزدی ظفر کے اسد زمان، واپڈا کے ابوبکر طلحہ، حیدر علی رضوان اور محمد سلار نے ایچی سن کالج مال روڈ، لاہور میں جاری ایچی سن کالج جونیئر ٹینس چیمپئن شپ کے لڑکوں کے انڈر 18 سیمی فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ لڑکوں کے انڈر 18 کوارٹر فائنل میں اسد زمان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے یافا ندیم کو 7-5، 6-2 سے شکست دی، جبکہ محمد سلار نے نبیل قیوم کو 6-3، 6-2 سے زیر کیا۔

یوتھ فیسٹیول لاہور کی ثقافت اور کلچر کیلئے اہم ہے، زید بن مقصود



لاہور (سپورٹس رپورٹر) سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال اور کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت لاہور یوتھ فیسٹیول کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا ہے، جمعۃ المبارک کے روز پنجاب سٹیڈیم میں ہونے والے اجلاس میں لاہور یوتھ فیسٹیول کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا ہے، کمشنر لاہور زید بن مقصود نے انتظامات بارے تمام ڈیپارٹمنٹ سے بریفنگ لی ہے، اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر محمد جعفر، ڈائریکٹر ایڈمن ڈاکٹر کلیم، ایڈیشنل سیکرٹری انفارمیشن اویس نواز، ڈائریکٹر پی ایچ اے عثمان غنی، ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن ملک غلام فرید، ڈائریکٹر یونیورسٹیز عثمان ابراہیم، ڈائریکٹر پنجاب فوڈ اتھارٹی عمر دراز، ڈائریکٹر سپورٹس ایل ڈی اے عبید اقبال سمیت پولیس و دیگر ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے بھی شرکت کی ہے۔

شہر یار چوہدری میرے نئے جیون ساتھی: وینا ملک

نئے شوہر کا اعلیٰ خاندان سے تعلق، گاڑیوں اور پراپرٹیز کا کاروبار ہے

اسلام آباد (شوبز ڈیسک) پاکستان کی معروف ماڈل اور اداکارہ وینا ملک نے حال ہی میں اپنے نئے جیون ساتھی کی خوبیوں کا تذکرہ کیا۔ وینا ملک کا کہنا تھا کہ شہر یار چوہدری میرے نئے جیون ساتھی ہیں جن کے بارے میں مداحوں کو شادی والے دن معلوم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کم عمری میں بزنس مین اسد بشیر خٹک سے دبئی میں شادی کی تھی لیکن یہ میری غلطی تھی جسے اب میں دہرانا نہیں چاہتی۔ اپنے نئے جیون ساتھی شہر یار چوہدری کے حوالے سے وینا ملک نے کہا کہ ان کا تعلق بھی میری طرح اسلام آباد سے ہی ہے، ہماری چند ملاقاتیں ہوئی ہیں، ان ملاقاتوں میں شہر یار چوہدری کو خوبصورت انسان پایا۔ وینا ملک نے کہا کہ شہر یار چوہدری کا گاڑیوں اور پراپرٹیز کا کاروبار ہے وہ ایک اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، وہ تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ حافظ قرآن بھی ہیں اور اسی خوبی نے مجھے ہاں کہنے پر مجبور کیا۔

بھارتی اداکارہ تمنا بھاٹیا سے منی لانڈرنگ کیس میں تفتیش

اداکارہ پر بیٹنگ ایپ کی اشتہاری مہم میں مبینہ طور پر ملوث ہونے کا شبہ

آسام (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ تمنا بھاٹیا سے منی لانڈرنگ کیس میں پانچ گھنٹے کی طویل پوچھ گچھ کی گئی ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) سٹے بازی کی ایپ میں نامور شخصیات کے ملوث ہونے کا سراغ لگانے کے لیے تحقیقات کر رہی ہے جس نے آئی پی ایل جیسی لیگ میں سٹے بازی کی راہ ہموار کی۔ بیٹنگ ایپ کی اشتہاری مہم میں مبینہ طور پر ملوث ہونے کے شبے میں اداکارہ سے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے پانچ گھنٹے طویل تفتیش کی۔ رپورٹس کے مطابق تمنا بھاٹیا اپنے والدین کے ساتھ آسام کے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے دفتر پہنچیں، جہاں اداکارہ اور ان کے والد پوچھ گچھ کے لیے دفتر میں داخل ہوئے جبکہ ان کی والدہ باہر گاڑی میں انتظار کرتی رہیں۔ اطلاعات کے مطابق اداکارہ سے پانچ گھنٹے تک سخت سوالات کیے گئے جن کی تفصیلات افشا نہیں کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 1

وجوہات جاری کرنے سے پہلے وضاحت جاری کر چکے ہیں، مختصر حکمنامے کے مطابق جاری پہلی وضاحت کو بھی ہماری تفصیلی وجوہات میں شامل کر لیا گیا تھا، مختصر حکمنامے میں وضاحت طلب کرنے کا اختیار عبوری سہولت تھی جب تک تفصیلی وجوہات نہ دی جائیں۔ ججز نے کہا کہ تفصیلی وجوہات پہلے ہی جاری کی جا چکی ہیں، فریقین کی طرف سے اٹھائے گئے تمام قانونی اور آئینی معاملات کو جامع طور پر نمٹا دیا گیا ہے، جوابات دیے گئے ہیں، لہٰذا مزید کسی وضاحت کی ضرورت نہیں ہے، عدالت کے فیصلے کا آئین کے آرٹیکل 189 کے تحت لازم نفاذ ہے اور اسے نافذ کیا جانا چاہیے تھا۔ یادرہے کہ 12 جولائی کو سپریم کورٹ نے مخصوص نشستوں کے کیس کا فیصلہ جاری کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں (پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ) اراکین کی بنیاد پر تخلیق پانے والی خواتین اور اقلیتوں کیلئے مخصوص نشستیں سنی اتحاد کونسل کو دینے کی بجائے دیگر پارلیمانی پارٹیوں کو الاٹ کرنے سے متعلق الیکشن کمیشن / پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کیخلاف دائر کی گئی اپیلوں پر محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کرتے ہوئے الیکشن کمیشن اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا تھا۔ جس کے بعد 14 ستمبر کو 8 رکنی بینچ نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پی ٹی آئی سیاسی جماعت تھی اور ہے، 12 جولائی کے فیصلے میں کوئی ابہام نہیں، الیکشن کمیشن ذمے داری فوری پوری کرے، ذمے داری پوری کرنے میں ناکامی اور انکار کے آئینی اور قانونی نتائج ہو سکتے ہیں، نشست اسی سیاسی جماعت کی تصور کی جائے گی جس کا سرٹیفکیٹ آیا۔ اکثریتی فیصلہ دینے والے ججوں نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ 12 جولائی کے فیصلے میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ عدالت کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کا 12 جولائی کا شارٹ آرڈر بہت واضح ہے، الیکشن کمیشن نے اس حکم کو غیر ضروری طور پر پیچیدہ بنایا ہے، فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے کے سنگین نتائج ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

کی فنڈنگ 17.59 فیصد سالانہ شرح سود پر کی گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق اسلامی بینکوں کو 25 ارب روپے 7 روز کے مارکیٹ آپریشن میں دیے ہیں، اسلامی بینکوں کو 7 دن کی فنڈنگ 17.56 فیصد شرح منافع پر کی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق اسلامی بینکوں نے 28 روز کی فنڈنگ کے لیے کوئی پیشکش ارسال نہیں کی۔

بقیہ بقیہ جات 3

مزید کہا کہ جو مجھے میری اوقات بتاتے ہیں ان کو پہلے اپنی اوقات دیکھنی چاہیے۔ یہ سن کر صحافی نے سوال کیا کہ وزیر اطلاعات پنجاب، یہ منسٹروں والی اکڑ کیا ہوتی ہے؟ عظمیٰ بخاری نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ وہی اکڑ ہے جو اصل میں مجھے سکھائی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آج کے بعد کوئی بھائی وائی نہیں اور کوئی لاڈ نہیں ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جو صحافی غلط کریں گے ایکشن تو پھر لیا جائے گا، کچھ یوٹیوبرز نے باقاعدہ مریم نوز کا نام بھی استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے ملک کے نوجوانوں کو کیا سکھا دیا ہے، تحریکِ فساد والے اس معاملے کو کیوں ہوا دے رہے ہیں؟ کسی کے پاس ثبوت ہے تو سامنے لائیں، ہم ساتھ دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 4

کی۔ صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری بھی عدالت کے روبرو پیش ہوئیں۔ دوران سماعت درخواست گزاروں کے وکیل نے استدعا کی کہ درخواستوں کو واپس لینا چاہتے ہیں۔ جس پر عدالت نے درخواستیں نمٹاتے ہوئے حکم امتناعی بھی ختم کردیا۔ بعدازاں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لاہور کے تمام صحافیوں کو بہت بہت مبارکباد، ہماری محنت رنگ لے آئی ہے، الحمدللہ آج لاہور ہائیکورٹ سے روڈا پر حکم امتناعی کے ساتھ کیس بھی ختم ہوگیا، یہ معاملہ ایک عرصے سے عدالت میں زیرالتوا تھا آج اسے ختم ہوگیا۔ اس معاملے میں لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری نے بھی ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور پریس کلب کے ممبران کی لسٹ ہمارے پاس موجود ہے، جن کے نام لسٹ میں نہیں جو نان ممبر صحافی ہیں انکا دس سالہ تجربہ ہے تو وہ بھی درخواست دے سکتے ہیں، جو صحافی 10 سال سے کسی ادارے کے ساتھ منسلک ہیں ان کو صرف اپنی ایک سال کی سیلری سلپ کے ساتھ درخواست دینی ہوگی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہم نے پلاٹوں کا سائز بھی ایک کردیا ہے، کوئی کیمرہ مین اچھوت نہیں ہے اور کوئی رپورٹر بڑا نہیں میرے لیے سب برابر ہیں، سب کو پانچ مرلے کے پلاٹ ملیں گے، 3200 سے زیادہ صحافیوں کو پلاٹس ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز سب کی وزیراعلیٰ ہیں، مجھے خوشی ہے کہ میں آج کچھ اچھا کرنے میں کامیاب ہوئی ہوں، ڈی جی پی آر کا بھی ہم نے 10 فیصد کوٹہ رکھ دیا ہے، ڈی جی پی آر کے ملازمین بھی اس میں اپنی درخواستیں دینے کے اہل ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کارکردگی کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دوسرے ٹیسٹ میچ میں دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل پیش کیا۔ ساجد خان نے شاندار بولنگ کی، بیٹنگ پرفارمنس بھی بہترین رہی۔

بقیہ بقیہ جات 6

شامل تھے جو آکسفورڈ یونیورسٹی کا اگلا چانسلر بننے کے لیے مقابلہ کر رہے تھے لیکن پاکستان کے سابق وزیر اعظم، جو اس وقت راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قید ہیں، کرس پیٹن کی جگہ لینے کے قابل نہیں کیونکہ وہ خود پسند ہیں۔ انہوں نے آکسفورڈ کے طلبا کو کہا تھا کہ اب وقت آگیا ہے کہ آکسفورڈ یونیورسٹی دنیا کے تنوع کی عکاسی کرے۔ عمران خان کو اگلے چانسلر کے طور پر منتخب کرنا نا صرف دنیا کے کونے کونے سے نوجوانوں کو متاثر کرے گا بلکہ یہ آکسفورڈ کو مساوی مواقع فراہم کرنے کی ایک روشن مثال کے طور پر بھی بلند کرے گا۔ خان اس ماہ 72 سال کے ہو جائیں گے۔ کیا سابق طلباء اور عملہ جو آکسفورڈ کے الیکٹورل کالج کو تشکیل دیتے ہیں۔ کیا وہ آکسفورڈ کو ہزار سالہ تاریکی سے باہر نکالنے اور ایک ایسے امیدوار کو ووٹ دے کر ایک جامع ادارہ بنانے کے لیے تیار ہیں جس نے طالبان کی کھلے دل سے تعریف کی تھی، وہ طالبان جنہوں نے حال ہی میں افغانستان کی خواتین کو تعلیم حاصل کرنے پر پابندی لگا دی تھی۔ کیا وہ ایک ایسی شخصیت کا انتخاب کر کے نوجوانوں کو متاثر کرنے کے لیے تیار ہیں جس نے 2012 میں طالبان کی مقدس جنگ کو اس اسپتال میں جواز بخشا جہاں ملالہ یوسفزئی کو زندگی بچانے والا ہنگامی علاج ملا تھا؟ وہ لوگ جو خان کو 1980 کی دہائی میں ایک کرکٹر یا چھوٹے میگزینوں میں ان کی احمقانہ داستانوں کے طور پر یاد کرتے ہیں، وہ گزشتہ دو دہائیوں میں ان کی تبدیلی کو ایک مبہم مذہبی شخصیت کے طور پر یاد کرتے ہیں۔ 2018 میں وہ وزیراعظم مبینہ طور پر ہیرا پھیری کیووٹ سے منتخب ہوئے جسے پاکستان کے انسانی حقوق کمیشن نے طاقتور اداروں کی واضح، جارحانہ، اور بے جا مداخلت قرار دیا۔ عمران خان نے مغربی اقدار کی مذمت کی اور آزادی اظہار رائے پر تنقید کی۔ گزشتہ اکتوبر میں، پاکستان کے الیکشن کمیشن نے خان کو توشہ خانے کے مقدمے کا مجرم قرار دیا، انہیں پارلیمنٹ کی رکنیت سے نااہل قرار دیا اور انہیں پانچ سال کے لیے عوامی عہدے سے روک دیا۔ فنانشل ٹائمز کی طرف سے شائع ہونے والی بعد کی تحقیقات میں انکشاف کیا گیا کہ مالی فراڈ کے الزام میں امریکی جیل میں 291 سال کی ممکنہ سزا کا سامنا کرنے والے ایک پاکستانی نے ایک فلاحی پلیٹ فارم کے ذریعے خان کی پارٹی کو لاکھوں ڈالر کی رقم جمع کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 7

نے کہا ہے کہ ہم کسی چیز میں جلد بازی نہیں کرنا چاہتے، نہ ہماری طرف سے کوئی ڈیڈ لاک ہے، بلاول بھٹو آئینی ترمیم کو اتفاق رائے سے لانا چاہتے ہیں، سیاست ممکنات کا فن ہے۔ جمعہ کو پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی کے اجلاس سے پہلے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیری رحمان نے کہا کہ تمام لوگ مطمئن ہو جائے تو آگے بڑھیں گے، یہی احسن طریقہ ہے، ہماری طرف سے کوئی ڈیڈ لاک نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اور سیاست میں اگر ڈائیلاگ جاری رہے تو ڈیڈ لاک نہیں ہوتا، چیئرمین بلاول بھٹو اس آئینی ترمیم کو اتفاق رائے سے لانا چاہتے ہیں، سیاست ممکنات کا فن ہے۔ دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رضا ربانی نے کہا ہے کہ غیر متفقہ آئینی ترمیم 73 کے متفقہ آئین کو متنازع بنا دے گی، سیاسی اتفاق رائے کے بغیر آئینی ترمیم فیڈریشن کے لیے خطرناک ہوگی۔ ملک کے ماہر قانون ساز اور سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی نے اپنے ایک بیان میں مشورہ دیا کہ حکومت 26 ویں آئینی ترمیم پر سیاسی اتفاق رائے غیر مستحکم کرنے کی کوشش پر نظر رکھے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول اور فضل الرحمان سیاسی اتفاق رائے کی جانب بڑھ رہے ہیں، تمام سیاسی اسٹیک ہولڈرز کے درمیان سیاسی اتفاق رائے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اتفاق رائے کے بغیر آئینی ترمیم 73 کے متفقہ آئین کو متنازع بنادے گی، غیر متفقہ آئینی ترمیم فیڈریشن کیلیے خطرناک ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 8

امداد بھجوانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس امدادی سامان میں کمبل، رضائیاں ادویات اور گرم ملبوسات شامل ہوں گے۔ امدادی سامان میں 12 ہزار سے زائد کمبل بھی شامل ہوں گے۔ وزیر اعظم نے این ڈی ایم اے کو بہترین چیزیں بھجوانے کی ہدایت کی اور کہا کہ ہم فلسطین کے معصوم لوگوں کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری غزہ کے غریب عوام کی امداد کرے، وہاں جنگ بندی کے لیے کردار ادا کرے۔

بقیہ بقیہ جات 9

بعد پولیس نے شہر بھر میں فلیگ مارچ کیا ہے۔ فلیگ مارچ کی قیادت ایس ایس پی آپریشنز کامران اصغر نے کی۔ فلیگ مارچ میں پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس اور ٹریفک پولیس نے شرکت کی۔ شہر بھر میں پولیس کے 3 ہزار سے زائد اہلکار وافسران ڈیوٹی پر تعینات ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

کے لیے ناقابل قرار دے دیا ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق کاملا ہیرس کا ایک انٹرویو کے دوران کہنا تھا کہ ٹرمپ خدمت کرنے کے قابل نہیں ہے، وہ ایک غیر مستحکم اور خطرناک ہے اور لوگ ایسے شخص سے تھک چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ ایک رہنما ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور اپنا پورا وقت توہین کرنے اور ذاتی شکایتوں میں الجھنے میں گزارتا ہے، امریکی لوگ اس سے تھک چکے ہیں۔ نائب صدر نے ٹرمپ پر شہریوں کے خلاف فوج کا استعمال کرنے اور پرامن مظاہرہ میں شامل لوگوں کو نشانہ بنانے کا بھی الزام لگایا۔ ان کا کہنا تھا کہ خاص بات یہ ہے کہ انہوں نے (ٹرمپ) ایسا کئی مرتبہ دہرایا ہے۔ جمہوریت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے امریکی نائب صدر نے کہا کہ امریکہ کے صدر کو تنقید برداشت کرنے کے قابل ہونا چاہیے، یہ ایک جمہوری ملک ہے۔ اس سے قبل امریکی صدارتی الیکشن میں ڈیموکریٹک پارٹی کی امیدوار کی جانب سے 100 ریپبلکن رہنماؤں کی حمایت حاصل کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

۔جے آئی ٹی ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ہے، چھ رکنی ٹیم میں تین پولیس افسر اور تین حساس اداروں کے نمائندے شامل ہیں۔ مشترکہ تحقیقاتی کمیٹی تھانہ ڈیفنس اے میں درج مقدمے کی تفتیش کرے گی، تحقیقات میں سوشل میڈیا پر ریاست مخالف اکسانے کی ترغیب دینے والوں کی نشاندہی کی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر لڑکی کی ساکھ کو نقصان پہنچانے والوں کا بھی سراغ لگایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 12

کے ساتھ ساتھ سندھ سول سرونٹس رولز 1974 کے سیکشن 11 ۔اے کو بھی کالعدم قرار دے دیا گیا۔ عدالت نے خیبرپختونخوا سول سرونٹس رولز 1989 کی سیکشن 10 کی ذیلی شق نمبر 4 بلوچستان سول سرونٹس رول 2009 کی شق 12 کو بھی کالعدم قرار دے دیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ اشتہار یا اوپن میرٹ کے بغیر بیوہ یا بچے کا سرکاری ملازمت میں کوٹہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 3، آرٹیکل 4، آرٹیکل 5 کی ذیلی شق دو، آرٹیکل 25 اور آرٹیکل 27 سے متصادم ہے۔ عدالت نے کہا کہ وفاق سمیت تمام صوبائی حکومتیں اشتہار یا اوپن میرٹ کے بغیر سرکاری ملازمین کے بچوں کو ملازمت دینے کی پالیسی ختم کریں البتہ عدالتی فیصلے کا اطلاق پہلے سے سرکاری ملازمین کے بچوں کو ملنے والے کوٹے پر نہیں ہوگا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ فیصلے کا اطلاق دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے افراد کے قانونی ورثا اور شہدا کے ورثاء کو ملنے والے پیکجز اور پالیسیز پر نہیں ہوگا۔ عدالت نے کہا کہ وزیراعظم کو بھی کوٹے سے متعلق رولز میں نرمی کا اختیار نہیں اس سلسلے میں کہا گیا کہ اچھی طرز حکمرانی کا حصول غیر مساوی سلوک اپنا کر حاصل نہیں کیا جا سکتا اور کوٹے کے تحت ملازمتوں کا حصول میرٹ کے برخلاف ہونے کے ساتھ ساتھ امتیازی سلوک بھی ہے۔ محمد جلال نامی شہری نے اپنے والد کی طبی بنیادوں پر ریٹائرمنٹ کے بعد چوتھے درجہ کی ملازمت کے حصول کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ پشاور ہائی کورٹ نے محمد جلال کو کنٹریکٹ پر ملازمت دینے کی ہدایت دی تھی لیکن پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف جی پی او نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 13

بانی اتھارٹی ایکٹ 2024، کوڈ آف کریمنل پروسیجر (پنجاب امینڈمنٹ) ایکٹ 2024 اور پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیشن ایکٹ 2024 پر دستخط کر دیئے۔ گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد یہ تینوں ایکٹ فوری نافذالعمل ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 14

میں گواہ سیف المرتضیٰ کو آئندہ سماعت پر طلب کر لیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت میں دس سال پرانے سانحہ ماڈل ٹاؤن کیس پر سماعت ہوئی، انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے کیس پر سماعت کی۔ دوران سماعت پراسیکیوشن نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ جے آئی ٹی کے رکن سابق ایس پی سیف المرتضیٰ شہادت قلمبند کرانے کیلئے پیش نہیں ہوئے، سابق ایس پی سیف المرتضیٰ کا آنکھ کا آپریشن ہے، وہ ہسپتال داخل ہیں اس لئے آج وہ شہادت قلمبند کرانے کیلئے پیش نہیں ہو سکتے۔ پراسیکیوشن نے کیس کی سماعت مخر کرنے کی استدعا کی، عدالت نے کیس پر سماعت 26 اکتوبر تک ملتوی کر دی اور آئندہ سماعت پر گواہ سیف المرتضیٰ کو طلب کر لیا، پاکستان عوامی تحریک کے وکیل مخدوم مجید حسین گواہ سے جرح کیلئے طلب کر لئے گئے۔ واضح رہے کہ اب تک مجموعی طور پر سانحہ ماڈل ٹاؤن میں 107 گواہان کی شہادت قلمبند ہو چکی ہے، پاکستان عوامی تحریک نے سانحہ ماڈل ٹاؤن کیخلاف استغاثہ بھی دائر کر رکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ایک بار پھر اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ سے کمپنی کو 6 ارب 50 کروڑ روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ دستاویزات کے مطابق 14 کروڑ 70 لاکھ یونٹس سسٹم سے غائب ہو گئے ہیں، کمپنی کی پروگریس رپورٹ کے مطابق لائن لاسز کی شرح 13 فیصد تک ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ گزشتہ سال یہ شرح 11.2 فیصد تھی، رواں سال کے دوران لائن لاسز میں 1.8 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اس سے پہلے گزشتہ سال اوور بلنگ کر کے لائن لاسز کو چھپانے کی کوشش کی گئی تھی۔ لیسکو انتظامیہ نے اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے سخت اقدامات کرنے کا عزم کیا ہے اور عوامی تعاون کی اپیل کی ہے تا کہ بجلی چوری کے اس مسئلے کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ بقیہ جات 16

میں نجی کالج کی طالبہ سے مبینہ زیادتی کی جھوٹی خبر پھیلانے کے الزام میں متعدد سینئر صحافیوں، وکلا اور ٹک ٹاکرز کی گرفتاری کیلئے صوبے بھر میں چھاپے مارے اور تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے سینئر عہدیدار کے مطابق طلبہ کو مبینہ طور پر مسلح اور پرتشدد تحریک چلانے پر اکسانے کے الزام میں قومی اسمبلی کے ملازم راجا احسن نوید، ٹک ٹاکر فیصل جٹ ایڈووکیٹ اور عمر دراز گوندل کو گرفتار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 38 سینئر صحافیوں اور ٹک ٹاکرز کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے گئے جنہیں مبینہ ریپ سے متعلق سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلانے پر ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا ہے۔ جن کیخلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے، ان میں نمایاں نام جمیل فاروقی، ایاز امیر، عمران ریاض خان، نعیم بخاری، سمیع ابراہیم، فرخ اقرار، پی ٹی آئی کے کارکنان طیبہ راجا، احتشام علی عباسی، مصباح ایڈووکیٹ، فیصل شہزاد، فرید شہزاد، مقدس فاروق اعوان، شاکر محمود اعوان، صدام ترین، احمد بوبک، عبداللہ وڑائچ، میاں عمر ایڈووکیٹ، حسیب احمد، سید خلیق الرحمٰن، چوہدری اخلاص گجر، ملک گل نواز سویا وغیرہ شامل ہیں۔ عہدیدار نے بتایا کہ جب ایف آئی اے کی ٹیموں نے ایف آئی آر میں نامزد زیادہ تر سینئر صحافیوں کے مقامات کا پتا لگانے کے بعد چھاپے مارے تو یہ نامزد افراد یا تو چھپ گئے یا خیبر پختونخوا فرار ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 17

میں نجی کالج کی طالبہ سے مبینہ زیادتی کی جھوٹی خبر پھیلانے کے الزام میں متعدد سینئر صحافیوں، وکلا اور ٹک ٹاکرز کی گرفتاری کیلئے صوبے بھر میں چھاپے مارے اور تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے سینئر عہدیدار کے مطابق طلبہ کو مبینہ طور پر مسلح اور پرتشدد تحریک چلانے پر اکسانے کے الزام میں قومی اسمبلی کے ملازم راجا احسن نوید، ٹک ٹاکر فیصل جٹ ایڈووکیٹ اور عمر دراز گوندل کو گرفتار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 38 سینئر صحافیوں اور ٹک ٹاکرز کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے گئے جنہیں مبینہ ریپ سے متعلق سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلانے پر ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا ہے۔ جن کیخلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے، ان میں نمایاں نام جمیل فاروقی، ایاز امیر، عمران ریاض خان، نعیم بخاری، سمیع ابراہیم، فرخ اقرار، پی ٹی آئی کے کارکنان طیبہ راجا، احتشام علی عباسی، مصباح ایڈووکیٹ، فیصل شہزاد، فرید شہزاد، مقدس فاروق اعوان، شاکر محمود اعوان، صدام ترین، احمد بوبک، عبداللہ وڑائچ، میاں عمر ایڈووکیٹ، حسیب احمد، سید خلیق الرحمٰن، چوہدری اخلاص گجر، ملک گل نواز سویا وغیرہ شامل ہیں۔ عہدیدار نے بتایا کہ جب ایف آئی اے کی ٹیموں نے ایف آئی آر میں نامزد زیادہ تر سینئر صحافیوں کے مقامات کا پتا لگانے کے بعد چھاپے مارے تو یہ نامزد افراد یا تو چھپ گئے یا خیبر پختونخوا فرار ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 18

میں پیش ہونے کا حکم دیدیا۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ اشتیاق ابراہیم نے کیس کی سماعت کی، اس موقع پر عمر ایوب عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ عمر ایوب نے مؤقف اپنایا کہ اسمبلی اجلاس کے لیے جانا چاہتا ہوں لیکن گرفتاری کا خدشہ ہے، ڈی چوک احتجاج کے بعد 22 مقدموں میں نامزد کیا گیا ہے۔ رہنما پی ٹی آئی نے بتایا کہ راہداری ضمانت دی جائے تاکہ عدالتوں میں پیش ہو سکوں۔ عدالت نے راہداری ضمانت منظور کر کے 7 نومبر تک متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے عمر ایوب نے دعویٰ کیا کہ ہمارے بیشتر ساتھیوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے، ایک ارب سے تین ارب روپے تک ہمارے ممبران اسمبلی کو آفر دی جا رہی ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ ہر ترمیم پر بحث ہونی چاہیے، حکومت نمبر پورے کر کے دکھائے پھر دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کی جانب بار کونسل کو آئینی ترمیم کا مسودہ دینے کی تجویز آئی ہے، ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

سے لاپتہ بانی پی ٹی آئی کے فوکل پرسن انتظار پنجھوتھا کی بازیابی سے متعلق درخواست پر سماعت چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق نے کی۔ درخواست گزار علی اعجاز بٹر کی جانب سے فیصل چوہدری عدالت کے سامنے پیش ہوئے جبکہ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر اسلام آباد پولیس مصطفیٰ تنویر اور ڈی ایس پی لیگل ساجد چیمہ بھی عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ اسلام آباد پولیس نے عدالت کو بتایا کہ انتظار حسین پنجوتھا کا کچھ معلوم نہیں ہوسکا، جس پر چیف جسٹس نے استفسار کیا ہفتے والے دن رپورٹ دی گاڑی بھی ٹریس ہوئی ہے پھر کیا ہوا؟ پولیس حکام نے بتایا کہ اسلام آباد میں داخل ہوتے ہوئے گاڑی دیکھی جاسکتی ہے، گاڑی راول ڈیم چوک سے کشمیر چوک سری نگر ہائی وے سے لیفٹ چلی جاتی ہے، 5 بج کر دو منٹ گاڑی فتح جنگ روڈ کی طرف جاتی ہے، اس کے بعد سے ابھی ہم نے دیکھنا ہے، چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ اب آگے کیسے بڑھنا ہے ایک بندہ لاپتہ ہے اس کی تلاش تو کرنی ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے ڈپٹی اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ آئی ایس آئی، ایم آئی کی رپورٹس آئی ہیں؟ جس پر انہوں نے بتایا کہ آئی ایس آئی کی رپورٹ آگئی جبکہ ایم آئی اور آئی بی کی رپورٹ ابھی آئی ہیں۔ لاپتہ وکیل انتظار حسین پنجوتھا کی بازیابی کی درخواست پر سماعت کے دوران وکیل فیصل چوہدری جذباتی ہو گئے اور کہا میں انتظار پنجھوتھا کی زندگی کے حوالے سے پریشان ہوں، میرا اور کوئی مسئلہ نہیں، میری پریشانی ایک انسانی زندگی ہے، یہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے جو بڑا تشویشناک ہے، یہ ایک حساس مسئلہ ہے جسے 10 روز ہو چکے ہیں۔ عدالت نے حکم دیا کہ ایس ایس پی فوکل پرسن فیصل چوہدری کے ساتھ رابطے میں رہیں گے، معاملے کی فوٹیج وکیل درخواست گزار کو فراہم کی جائیں۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ اگر سیکٹر کمانڈر لوکیشن کے لیے تعاون کرے تو لوکیشن سے جلدی ہو جائے گا، جس پر عدالت نے پولیس کو آئی بی اور ایس ایس آئی سے لوکیشن ٹریس کرنے کے لیے رابطہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے لاپتہ وکیل انتظار حسین پنجھوتھا کی بازیابی کی درخواست پر سماعت 21 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 20

بی آر) کے سیلز ٹیکس فراڈ کے الزامات کو مسترد کر دیا۔ سیکرٹری جنرل اپٹما شاہد ستار کے مطابق ایف بی آر سے درست ڈیٹا تجزیہ کا مطالبہ اور ٹیکسٹائل سیکٹر کی تعمیل جانچ کے تحت ہم سیلز ٹیکس فراڈ کے الزامات کی تردید کرتے ہیں۔ شاہد ستار نے کہا کہ ایف بی آر کا ٹیکسٹائل سیکٹر پر سیلز ٹیکس فراڈ کا تجزیہ ناقص ڈیٹا پر مبنی ہے، غلط فراڈ الزامات کے باعث ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ساکھ کو خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ درست رپورٹنگ کے لیے سیلز ٹیکس ڈیٹا کے از سر نو جائزے میں ایف بی آر کی مدد کرنے کی پیشکش کرتے ہیں، غلط سیلز ٹیکس فراڈ کے الزامات سے ٹیکسٹائل سیکٹر کی کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کی رپورٹ سے پیدا ہونے والے نقصان پر ہم وضاحت چاہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

بات بن جائے گی، ہم دونوں پیپلز پارٹی کی بھی بات سن رہے ہیں، پی ٹی آئی کے ساتھ مولانا نے ابھی تک ایک پیچ کی بات نہیں کی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ ہم مولانا فضل الرحمان کی بات سن رہے ہیں اور وہ ہماری بات سن رہے ہیں، آئینی ترمیم پر مولانا سے بات بن جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کچھ دن پہلے مولانا نے کہا تھا کہ کالے ڈبے میں سے کوئی کالا کاغذ نکلا، وہ کالا ڈبہ پھر ہرا ہوا، پھر سفید ہوا، اب آگے پراسیس چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دونوں پیپلز پارٹی کی بھی بات سن رہے ہیں، پی ٹی آئی کے ساتھ مولانا نے ابھی تک ایک پیچ کی بات نہیں کی اور ابھی ان کی بات چل رہی ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ سپریم کورٹ کے ایک فیصلے کا دوسرے سے سر پیر نہیں ملتا جب کہ آئینی ترمیم جسٹس منصور سے متعلق نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

سی یو میں رہنے والی لڑکی سے بھی تفصیلی بات کی گئی، 2 اکتوبر کو زخمی ہونے والی لڑکی کو گھر میں گرنے سے چوٹ آئی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے ہنگامہ آرائی اور افواہ پھیلانے والوں کے ٹرائل خصوصی عدالت میں کرنے کی سفارش کی ہے اور سائبر کرائم کے جانچ پڑتال کا ڈیپارٹمنٹ پنجاب میں بنانے کی بھی سفارش کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے دونوں کمپنیوں کو مانگی گئی وضاحت کا تسلی بخش جواب نہ دینے پر نوٹس جاری کیے گئے ہیں، سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) اور نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کو چھبیس اکتوبر تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال 9 جنوری کی صبح بجلی بند ہونے سے پورے ملک میں بلیک آؤٹ ہوگیا تھا نیپرا کے مطابق بجلی کا نظام بحال کرنے میں چوبیس گھنٹے لگ گئے تھے جو ایک غیر معمولی واقعہ تھا نیپرا نے سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی سے معاملے پر 12 دسمبر 2023 کو وضاحت طلب کی تھی۔ سی پی پی اے نے 19 دسمبر 2023 کو نیپرا کو وضاحتی جواب میں صحت جرم سے انکار کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 24

کے نگران ادارے کو الیکشن ایکٹ پر عمل اور معطل ارکان کو بحال کرنے کی تجویز دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس ہوا جس میں اضافی مخصوص نشستیں حکمران اتحاد اور جے یو آئی کو دینے کے معاملے پر گفتگو ہوئی۔ حکمران اتحاد نے اضافی نشستوں پر نوٹیفائی اراکین کو اسلام آباد طلب کر رکھا ہے جہاں اسپیکر قومی اسمبلی کے ساتھ ساتھ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے بھی اضافی مخصوص نشستیں باقی جماعتوں کو دینے کے لیے الیکشن کمیشن کو خط لکھا تھا۔ اجلاس میں مخصوص نشستوں کے معاملے پر مشاورت مکمل کر لی گئی جہاں قانونی ٹیم نے کمیشن کو مخصوص نشستوں کے معاملے پر پارلیمان کے قانون پر عمل کرنے کا مشورہ دیا۔ ذرائع کے مطابق قانونی ٹیم نے کہا کہ پارلیمنٹ کے منظور کردہ قوانین پر عمل ہر ادارے پر لازم ہے اور الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے بعد سپریم کورٹ کا حکم موثر نہیں رہتا۔ دوران اجلاس قانونی ٹیم کی مخصوص نشستوں پر معطل ارکان بحال کرنے کی تجویز دی۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر اضافی مخصوص نشستوں کے حامل اراکین کو معطل کر رکھا ہے۔ اگر الیکشن کمیشن مخصوص نشستیں حکمران اتحاد اور جے یو آئی (ف) کو دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو انہیں دو تہائی اکثریت حاصل ہو جائے گی۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست بھی دائر کر رکھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

لندن کی عدالت نے سابق ملازمین کو پانچ لاکھ پاؤنڈ یعنی بیس کروڑ زر تلافی دینے کا حکم دیدیا۔ پی آئی اے نے 8 ملازمین کو دو سال قبل ملازمت سے برطرف کر دیا تھا، جس پر ملازمین نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ ان کو غیر منصفانہ طور پر ملازمت سے برطرف کیا گیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق برطرف کیے گئے ملازمین قومی ایئر لائن کے ساتھ 5 سے 15 سال سے وابستہ تھے، عدالت نے ملازمین کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے 5 لاکھ پاؤنڈ ادا کرنے کا حکم دیا۔ پی آئی اے نے عدالت کے سامنے قبول کیا کہ وہ ان آٹھ ملازمین کو ہرجانے کے طور پر پانچ لاکھ پاؤنڈ ادا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 26

رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج ہم نے سانحہ کارساز میں شہید کارکنان کی قبروں پر حاضری دی ہے، اس قبرستان میں 7 شہدا کی قبریں ہیں۔ سعید غنی نے کہا کہ 18 اکتوبر کو دہشت گردی کا واقعہ دنیا کا بڑا واقعہ تھا، شہدا کے ذکر کے بغیر جمہوریت کی بات مکمل نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کے لیے آئین میں طریقہ کار موجود ہے، پی ٹی آئی والے ترمیم چاہتے ہیں لیکن کھل کر نہیں بول رہے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ پی ٹی آئی نے سپریم کورٹ کے ججز کو متنازع بنایا۔

بقیہ بقیہ جات 27

درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں 1 ہزار سے زائد نامعلوم افراد بھی نامزد کیے گئے ہیں۔ درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق طلباء کے احتجاج کے دوران ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا، مظاہرین نے توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ اور کار سرکار میں مداخلت کی۔ اس حوالے سے سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے بتایا کہ جلاؤ گھیراؤ کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی، ہنگامے کے دوران 350 سے زائد مظاہرین کو گرفتار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سینئر افسران پر مشتمل 12 خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، سوشل میڈیا پر شر انگیزی پھیلانے والوں کی بھی شناخت کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

زادہ کی راہداری ضمانت منظور کر لی۔ چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے درخواستوں پر سماعت کی جس کے دوران بیرسٹر محمد علی سیف، مشال یوسفزئی اور وزیرزادہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے درخواست گزاروں کی 3 ہفتوں کیلئے راہداری ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ بقیہ جات 29

ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کے ذریعے پی ٹی آئی کو دبانے کی کوشش کی جارہی ہے، بغض بانی پی ٹی آئی میں حکمران ملک کو ہر طرح کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ آئینی ترامیم کی منظوری کے لیے پارلیمان میں ہر قسم کا دباؤ استعمال کیا جا رہا ہے، وکلاء برادری سے اپیل ہے کہ عدلیہ کے دفاع میں اپنا کردار ادا کرے۔ خیبر پختون خوا کے مشیر اطلاعات نے کہا کہ جمہوریت کی دعوے دار پیپلز پارٹی ن لیگ سے مل کر بھٹو نظریے کے خلاف جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

امریکی صدر کو خط لکھ دیا ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کے لیے خط وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر کو لکھا۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے جبکہ اپنی بہن سے امریکی جیل میں ملاقات بھی کر چکی ہیں۔ دریں اثناء ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی اور رہائی کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے امریکی صدر جو بائیڈن کو لکھے گئے خط کا متن سامنے آ گیا۔ خط میں وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی اور رہائی کی درخواست کر دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خط میں لکھا کہ میری آپ سے امریکہ اور میرے آبائی شہر لاہور میں ملاقات ہوئی، میں نے آپ کو ہمیشہ پاکستان اور اُسکے عوام کا دوست پایا، کیری لوگر برمن بل کی 15 سال قبل کانگریسی منظوری میں آپکا کردار مجھے یاد ہے، میں آپ کی توجہ ایسے اہم معاملے کی طرف دلانا چاہتا ہوں جسے ہمدردی کی بنیاد پر دیکھا جانا چاہیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی ستمبر 2010 سے امریکا میں قید ہے، ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکی ڈسٹرکٹ کورٹ نے 86 سال قید کی سزا سنا رکھی ہے، ڈاکٹر عافیہ صدیقی امریکی جیل میں سولہ سال کی قید کاٹ چکی ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ اِن برسوں میں پاکستانی آفیشلز عافیہ صدیقی سے کونسلر ملاقاتیں کر چکے ہیں، سب ملاقات کرنے والوں نے عافیہ صدیقی کے علاج کی سہولیات سے متعلق سنجیدہ تحفظات کا اظہار کیا، ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی کمزور دماغی اور جسمانی صحت پر علاج معالجے کے اثرات ہوئے، اِس خدشے کا اظہار بھی کیا گیا کہ عافیہ صدیقی کہیں اپنی جان ہی نہ لے لے۔ وزیراعظم نے خط میں لکھا کہ مجھے آپکی بیرون ممالک میں قید اپنے شہریوں کیلئے جدوجہد بارے مکمل طور پر علم ہے، آپ سمجھ سکتے ہیں کہ بطور وزیراعظم اِس معاملے میں مداخلت میری ذمہ داری ہے، گزارش ہے کہ آپ اپنا آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے انسانی بنیادوں پر عافیہ صدیقی کی سزا معاف کر کے رہائی کا آرڈر کریں، عافیہ صدیقی کی فیملی اور کروڑوں پاکستانی آپکی عنایت کے منتظر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

اتھارٹیز سے بہت تاخیر سے رابطہ کیا، آئی جی پنجاب نے جواب دیا کہ 700 سے زائد اکاؤنٹس سے ویڈیوز وائرل ہوئیں، پولیس کے پاس سائبر کرائم کو دیکھنے کیلئے صرف ایک ادارہ ہے۔ جس پر چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے ریمارکس دیئے کہ آئی جی صاحب یہ آپ کی ناکامی ہے

بقیہ بقیہ جات 32

خبر پر ردعمل کا اظہار کیا گیا ہے۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ کچھ سوشل میڈیا چینلز پر جاری کی گئی خبر کہ برطانوی کورٹ نے پی آئی اے کو 10 لاکھ پاؤنڈ کا جرمانہ کر دیا غلط ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق 2021 میں نکالے گئے 7 ملازمین کی جانب سے پی آئی اے کے خلاف ایک دعویٰ دائر کیا گیا تھا۔ پی آئی اے کے ترجمان نے کہا کہ مقدمے کی سماعت 14 اکتوبر سے جاری ہے اور یہ مقدمہ فیصلے کی اسٹیج تک نہیں پہنچا ہے تاہم دونوں فریقین کے وکلا کورٹ سے باہر معاملے کے تصفیے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ ترجمان پی آئی اے نے کہا کہ امید ہے کہ فریقین کے مابین معاملہ کورٹ سے باہر طے پا جائے گا جو دونوں کے حق میں ہوگا۔ پی آئی اے کے ترجمان نے کہا کہ پی آئی اے کی انتظامیہ اس سلسلے میں آگاہی جاری کرتی رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 33

نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد گفتگو کرتے ہوئے خورشید شاہ نے دعویٰ کیا کہ آئینی ترمیم کے مسودے کو متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا، مسودے میں سمندر پار پاکستانیوں کے الیکشن لڑنے کی تجویز پر بھی اتفاق ہوا۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی کمیٹی کی جانب سے منظور کیے گئے مسودے کی منظوری کابینہ دے گی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ کے اکثریتی بینچ کی جانب سے مخصوص نشستوں کے حوالے سے وضاحتی بیان کے حوالے سے سوال پر خورشید شاہ نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے متعلق مجھے علم نہیں۔ بعدازاں پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی سے منظور شدہ آئینی ترامیم کا ڈرافٹ سامنے آ گیا۔ مجوزہ 26 ویں آئینی ترمیم کے نئے مسودے میں 26 ترامیم شامل ہیں، نئے مسودے میں ایک بار پھر آئینی بینچ تشکیل دینے کی تجویز دی گئی ہے، جوڈیشل کمیشن آئینی بینچز اور ججز کی تعداد کا تعین کرے گا، آئینی بینچز میں جہاں تک ممکن ہو تمام صوبوں سے مساوی ججز تعینات کیے جائیں گے۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق آرٹیکل 184 کے تحت از خود نوٹس کا اختیار آئینی بینچ کے پاس ہوگا، آرٹیکل 185 کے تحت آئین کی تشریح سے متعلق کیسز آئینی بینچ کے دائرہ اختیار میں آئیں گے۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق کابینہ، صدر یا وزیراعظم کو بھیجی گئی سفارشات کے متعلق کوئی بھی عدالت پوچھ نہیں سکے گی، آرٹیکل 175 اے میں ترمیم کر کے جوڈیشل کمیشن کے ارکان کی تعداد بڑھانے کی تجویز بھی ہے۔ ڈرافٹ میں جوڈیشل کمیشن میں چیف جسٹس کے ساتھ سپریم کورٹ کے 4 سینئر ترین جج شامل کرنے کی تجویز ہے، مجوزہ ترمیم کے مطابق وزیر قانون، اٹارنی جنرل اور پاکستان بار کا نامزد وکیل جوڈیشل کمیشن کے رکن ہوں گے۔ جوڈیشل کمیشن میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے دو، دو ارکان شامل کرنے کی بھی تجویز ہے، قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ایک ایک رکن کا تعلق حکومت اور اپوزیشن سے ہوگا۔ خصوصی پارلیمانی کمیٹی اجلاس میں اتفاق رائے سے 11 صفحات پر مشتمل مسودہ کو حتمی شکل دیدی گئی، آئینی ترمیم کو 26 ویں ترمیمی ایکٹ 2024 کا نام دیا گیا ہے، آئینی مسودے میں 9A کا اضافہ کیا گیا ہے۔ آئین کے آرٹیکل 38 اور آئین کے آرٹیکل 48 اور آئین کے آرٹیکل 81 میں ترامیم کی گئی ہیں، سپریم کورٹ کے تین سینئر ترین ججوں میں سے ایک کو چیف جسٹس مقرر کیا جائے گا، چیف جسٹس کا تقرر خصوصی پارلیمانی کمیٹی کی سفارش پر کیا جائے گا۔ چیف جسٹس کے تقرر کے لیے پارلیمانی کمیٹی 12 رکنی ہوگی، کمیٹی میں 8 ارکان قومی اسمبلی چار ارکان سینیٹ شامل ہوں گے، ترمیم پارلیمانی کمیٹی میں تمام پارلیمانی جماعتوں کی متناسب نمائندگی ہوگی۔ تجویز کے مطابق پارلیمانی کمیٹی سپریم کورٹ کے تین سینئر ترین ججز میں سے چیف جسٹس کا تقرر کرے گی، کمیٹی کی سفارش پر چیف جسٹس کا نام وزیراعظم صدر مملکت کو بھجوائیں گے، کسی جج کے انکار کی صورت میں اگلے سینئر ترین جج کا نام زیر غور لایا جائے گا۔ تجویز ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان کی مدت تین سال ہوگی، چیف جسٹس کے لیے عمر کی بالائی حد 65 سال مقرر کرنے کی تجویز ہے۔ آرٹیکل 184 تین کے تحت سپریم کورٹ اپنے طور پر کوئی ہدایت یا ڈیکلریشن نہیں دے سکتی، آرٹیکل 186 اے کے تحت سپریم کورٹ ہائی کورٹ کے کسی بھی کیس کو کسی دوسری ہائی کورٹ یا اپنے پاس منتقل کر سکتی ہے، ججز تقرری کمیشن ہائی کورٹ کے ججز کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ لے گا۔

بقیہ بقیہ جات 34

کے گردشی قرض پر قابو پانے کا منصوبہ تیار کر لیا ہے، کسی قسم کی سبسڈی کے بغیر صارفین سے بجلی اور گیس کی مکمل پیداواری لاگت وصول کرنے کا فیصلہ کیا ہے، صوبائی حکومتیں بھی فیصلے پر آمادہ ہوگئیں اور آئی ایم ایف کو بھی آگاہ کر دیا گیا۔ دستاویز کے مطابق مارچ 2024 تک بجلی شعبے کا گردشی قرضہ 2794 ارب روپے جبکہ جنوری 2024 تک گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ 2083 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا، وزارت خزانہ نے آئی ایم ایف کو یہ یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ 15 فروری 2025 سے گیس ٹیرف میں مزید اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ کیپٹو پاور پلانٹس کو جنوری 2025 سے گیس فراہمی بند کردی جائے گی، بجلی کا سالانہ بیس ٹیرف، سہ ماہی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ اور ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ بھی بروقت کی جائے گی، آئی ایم ایف کو انرجی ٹیرف لاگت سے ہم آہنگ کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ گردشی قرضے میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ ماضی کی حکومتوں کی جانب سے ٹیرف میں بروقت اضافہ نہ کرنا ہے جو آئندہ باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل شروع کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے لائن لاسز اور مجموعی نقصانات میں بھی کمی لائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 35

قائم مشترکہ اینٹی انکروچمنٹ کیمپس کے دورے کیے۔ انہوں نے چوبرجی، جین مندر، مزنگ لوئر مال کیمپس کے وزٹ کئے، سرکل آفیسر انارکلی راشد ہدایت، سرکل آفیسر اچھرہ محمد اعظم نے بریفنگ دی۔ سی ٹی او لاہور نے تجاوزات قائم کرنے والوں کیخلاف بلاتفریق مقدمات کے اندراج کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے عملہ کو ساتھ ملا کر گرینڈ آپریشنز کئے جائیں، آگاہی اور وارننگ کے باوجود تجاوزات قائم کرنیوالے کسی معافی کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک چوکنگ پوائنٹس پر روزانہ کی بنیاد پر ایئر کوالٹی کا باقاعدہ تجزیہ کیا جارہا ہے، ٹریفک کے بہاؤ میں خلل ڈالنے والوں سے اب سختی سے نمٹا جائے گا، انسداد سموگ کیلئے دھواں والی گاڑیوں کے ساتھ ساتھ ٹریفک چوکنگ کا خاتمہ بھی ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

کی جالی کاٹ کر گھر میں داخل ہوئے۔ گھر سے 575 تولہ طلائی زیورات، 150 تولہ چاندی اور 40 لاکھ نقدی لوٹ کر فرار ہوئے۔ مدعی مقدمہ کے مطابق میرا اور میری تمام بہنوں کا زیور والدین کے گھر پڑا تھا۔ والدین مجھے ملنے کے لیے بحریہ ٹاؤن آئے۔ پیچھے سے چور گھر کا صفایا کر گئے۔ اعلیٰ پولیس افسران نوٹس لیکر میرے مقدمہ کے ملزمان کو گرفتار کروائیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

ٹرینوں کی تعداد ا؟غاز میں 14 رہی جو بعدازاں بڑھ کر 52 ہوگئی۔ مسافروں کی نشستوں کی تعداد 8 ہزار 400 سے بڑھ کر 31 ہزار سے زائد ہوگئی ہے۔ سب سے زیادہ یومیہ مسافروں کی تعداد 24 ہزار 132 ریکارڈ کی گئی۔ ایچ ایس ا؟ر مکمل طور پر بجلی سے چلتی ہے جس سے ایندھن کی کھپت اور اخراج میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ کے سی ا؟ئی سی نے کہا ہے کہ ماحول دوست توانائی کے اس اقدام سے انڈونیشیا کو ایک سال کے دوران ایندھن کی مد میں تقریباً 32 کھرب روپیہ (20 کروڑ 80 لاکھ امریکی ڈالرز) کی سالانہ بچت ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ انڈونیشین حکومت کے اعدادوشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس منصوبے نے 2019 سے 2023 کے درمیان جکارتہ اور مغربی جاوا کی مجموعی مقامی پیداوار میں 865 کھرب روپیہ (تقریباً 5.62 ارب ڈالرز) کا حصہ ڈالا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

بتایا کہ ایس ایچ او رات دیر تک اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔ عدالت نے کہا کہ کسی بھی افسر کی جگہ کوئی بھی ماتحت ملازم پیش ہوسکتا ہے، ہمیں کسی کے عہدے سے غرض نہیں، افسر کی طرف سے کوئی بھی جواب جمع کروا سکتا ہے مگر جو بھی پولیس اہلکار عدالت میں پیش ہو وہ اپنا عہدہ صحیح بتائے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ اگر ضرورت ہے تو رولز کیوں نہیں بنائے جاتے؟ محکمہ داخلہ کو 5 برس پہلے بھی پولیس رولز میں اصلاحات کا حکم دیا تھا۔ عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ داخلہ ابھی تک کچھ نہیں کر سکا ہے، اگر محکمہ داخلہ پولیس کو اختیارات دے تو وہ بہتر کام کر سکتی ہے، سیکریٹری داخلہ آج ہیں کل نہیں، پوری پولیس ان کے ماتحت کی ہوئی ہے، آپ نہ خود کسی سپاہی کی عزت کرواتے ہیں نہ معاشرہ عزت کرتا ہے۔ عدالت نے کہا کہ پولیس میں بہت قابل لوگ موجود ہیں، ان کو اختیارات دیں، پنجاب اور خیبر پختون خوا میں اصلاحات کے بعد وہاں کی پولیس سندھ سے بہت بہتر پرفارم کر رہی ہے۔ عدالت نے 3 ماہ میں پولیس رولز میں اصلاحات کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ 2 ماہ کے اندر سندھ پولیس اپنی سفارشات تیار کر کے محکمہ داخلہ کو فراہم کرے اور محکمہ داخلہ پولیس سفارشات کا جائزہ لے اگر کچھ تبدیلی کی ضرورت ہو تو پولیس کو آگاہ کرے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کا حجم 384 ارب روپے تھا جو نئی آئی پی پیز کے اضافے کے ساتھ بڑھ کر 2142 ارب روپے بڑھ گئی ہے۔ 2015 سے بجلی کا اوسط استعمال 15000 میگا واٹ رہا جب کہ مجموعی پیداواری صلاحیت 20 ہزار میگا واٹ تھی جس پر کیپسٹی پے منٹ کی مد میں لاگت 200 ارب روپے تھی گو کہ 2024 میں بجلی کی اوسط طلب 13000 میگاواٹ ہی رہی لیکن پیداواری صلاحیت 43 ہزار میگاواٹ تک جا پہنچی جس سے کیپسٹی پے منٹ میں 2142 ارب کا اضافہ ہوگیا۔ اس وقت صارفین قرضے اتارنے کی مد میں سالانہ 1083 ارب روپے ادا کر رہے ہیں، یہ قرضے زیادہ تر بجلی کی پیداوار کی مد میں لیے گئے، صرف 218 ارب روپے آپریشن اینڈ مین ٹیننس کی مد میں لیے گئے۔ خواجہ محبوب الرحمٰن نے مزید کہا کچھ دن پہلے حکومت نے 5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم کر دیے ہیں، ان آئی پی پیز کو ہر سال 60 بلین روپے مل رہے تھے، یہ کنٹریکٹ 2029 تک کے تھے، تو 2029 تک 60 بلین روپے کے حساب سے 450 بلین روپے ان آئی پی پیز نے لینے تھے لیکن صارف کو اس کا فائدہ صرف 81 پیسے فی یونٹ ملے گا جو کہ ناکافی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

سیکرٹری احمد رضا نے انکم ٹیکس ریٹرن 2024 اور ایس ایم ایز کے مسائل کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی آر ٹی او لاہور کے چیف کمشنر احمد شجاع خان تھے جبکہ اس موقع پر سابق صدر لاہور ٹیکس بار زاہد پرویز، ندیم بٹ اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز میں جن کا ٹرن اوور 250 ملین سے کم ہوگا وہ فعال کریں گے 250 ملین سے اوپر ٹرن اوور والے ٹیکس دہندگان اپنی نارمل ریٹرن جمع کرائیں گے، انکم ٹیکس ریٹرن میں ابھی بھی تکنیکی مسائل کا سامنا ہے جنہیں فوری حل ہونا چاہیے کیونکہ منیمم ٹیکس کٹوتی والے کیسوں میں پورٹل کیلکولیشن درست نہیں نکالتا جس کی وجہ سے اعدادوشمار میں غلطیاں ہونے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں اس لیے ٹیکس دہندگان ریٹرن جمع کراتے وقت خود کیلکولیشن کر کے شیٹ ساتھ لگایا کریں تا کہ ریٹرن میں کوئی ابہام باقی نہ رہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

احمد غازی جناب قیوم نظامی پروفیسر ڈاکٹر میاں محمد اکرم محترمہ سلمہ اعوان، سرفراز سید، بریگیڈیئر حامد سعید اختر، محترمہ ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، محترمہ ڈاکٹر پروین خان، محترمہ خالدہ جمیل چوہدری، محترمہ فرح ہاشمی محترمہ، رضا ریاض، کاشف ادیب جاودانی، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عطاء، توفیق الرحمٰن سیفی، محمد نصیر الحق ہاشمی، مہر عبدالروف، عثمان غنی، اعجاز احمد اعجاز، ڈاکٹر مصطفیٰ کمال، ایم اے شکوری، پروفیسر ڈاکٹر نصیر چوہدری رانا امیر احمد خان، پروفیسر ڈاکٹر مشکور اے صدیقی، محترمہ طیبہ ضیا چیمہ، حکیم سلیم اختر، حکیم مرغوب احمد ہمدانی، اقبال راہی، اقبال پیام، نواز کھرل، ضیاء الحق نقشبندی، راشد حمید کلیامی حکیم عمر توصیف ڈھول، حکیم حارث نسیم، حکیم عثمان باسط چشتی، جاوید نوری، سید محمد حسن، انوار قمر انجینئر محمد آصف، راشد حجازی سمیت دیگر دانشور حضرات اساتذہ کرام والدین اور طلباء وطالبات کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ حکیم محمد سعید کی ملک و ملت اور انسانیت کے لئے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس تقریب کے اختتام پر نونہال مشاعرہ ''بیاد شہید حکیم محمد سعید'' کا بھی اہتمام کیا گیا

بقیہ بقیہ جات 42

بعد بھی صنعتکار مسائل کی شنوائی کے منتظر ہیں۔ اگر صنعتکاروں کو سازگار حالات فراہم کردیے جائیں تو ملک میں خوشحالی کی نئی لہر آجائے گی۔ بجلی گیس خام مال اور امپورٹ میں سبسڈائز پالیسی سے صنعتیں پروان چڑھیں گی۔ صنعت وتجارت کی خوشحالی اور ترقی سے ہی ملک وقوم کی ترقی کی راہیں کھلیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 43

کے حالات میں بہتری سے ہی ممکن بن سکی ہے۔ پاکستان میں بھی صنعتوں کی خوشحالی سے ہی ملک میں ترقی کا سورج طلوع ہوگا۔ صنعتوں کا پہیہ تیز رفتار چلنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے جس سے عام آدمی کیلئے مہنگائی اور بے روزگاری کم ہوسکے گی۔

بقیہ بقیہ جات 44

پا کر کے ہی ترقی کی ہے۔ پاکستان میں بھی بازاروں اور مارکیٹوں صنعتوں کی خوشحالی ہی ملک میں ترقی کی کرن طلوع کرے گی۔ کاروبار کا پہیہ تیز رفتار چلنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے اور ملکی معیشت کو تقویت ملے گی۔ ٹرانسپورٹرز بازار مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کو مسائل سے نجات دلائی جائے تا کہ ملک میں ترقی کے مواقع پیدا ہوسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

آئے تھے، وہ سمجھتے تھے بینظیر آئے گی، روزگار لائے گی، روٹی کپڑا مکان کا منشور تو ہمارا تھا ہی، دس گیارہ گھنٹوں بعد ان کا قافلہ یہاں پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز ایک المناک واقعہ تھا جس کے زخم آج بھی ہرے ہیں، کارساز کے مقام پر ہمارے ایک ساتھی کے کپڑوں میں آگ لگی تھی، ہم نے دیکھا کافی جیالے بینظیر صاحبہ کے گرد حصار ڈال کر کھڑے تھے، دوسرے دھماکے میں وہ شہید ہوئے، شہید آدھا گھنٹہ پہلے تقریر کو فائنل کرنے ٹرک کے اندر گئی تھی دوسرے دھماکے کیبعد ہم ٹرک سے باہر نکلے۔ پی پی رہنما نے کہا کہ ہم نے دیکھا زخمی بھی اپنے زخموں کی پرواہ کئے بغیر ٹرک کو حصار ڈالے کھڑے تھے، جنہیں نے 27 دسمبر کو ہماری بینظیر ہم سے چھین لی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ دھماکے کے دوسرے دن وہ ہسپتال گئیں، لیاری شہیدوں کے گھر گئیں، شہید محترمہ کی قابلیت بہادری اور جرات اتنی تھی کہ ایسا لیڈر نہ پیدا ہوگا نہ ہوا ہے آج کے دن ہم ہمیشہ شہداء کو یاد کرنے یہاں آتے ہیں، آج چیئرمین بلاول بھٹو شہداء کی تقریب میں آئیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے کہا تھا 18 اکتوبر واقعہ میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جنہوں نے شواہد کو چھپایا ہے، بی بی کو جب شہید کیا گیا تو ہمارے پاس وہی شواہد موجود تھے جو میڈیا ورکرز کے کیمروں میں ریکارڈ ہوئے۔ وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے کہا کہ آئینی ترمیم کی بات تو 2006 میں میثاق جمہوریت میں تھی، 18 ترمیم میں کام نہیں ہوسکا، بلاول بھٹو مسودے کے ساتھ ہر اپوزیشن پارٹی کے پاس جارہے ہیں، میں خود 5 گھنٹے مولانا صاحب کے ساتھ بیٹھا رہا ہوں، میں سب کے ساتھ بیٹھنے کیلئے تیار ہوں لیکن کسی بلیک میلر کے کہنے پر نہیں، اس صوبے کے 75 فیصد لوگوں نے پیپلز پارٹی کو ووٹ دیئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 46

میں گیزر موجود ہیں یا نہیں بل میں اضافی پیسے لگا کر بھیج دیئے گئے۔ کونیکل بیفل لگانے سے پہلے ہی صارفین کو بلوں میں اضافی پیسے لگا کر بھیج دیے۔ صارفین کی شکایت پر اوگرا نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیزر میں کونیکل بیفل لگانے کی اجازت دی ہے صارفین کے بلوں میں کمی اور تحفظ کیلئے کونیکل بیفل کی اجازت دی۔ ترجمان نے کہا کہ گیزر موجود نہ ہونے کے باوجود پیسے چارج ہونے پر کمپنی یا اوگرا سے شکایت کی جائے۔ ایس ایس جی سی حکام کے مطابق کونیکل بیفل تنصیب کیلئے سروے کیا گیا ہے کونیکل بیفل چارجز اوگرا کی منظوری کے بعد عائد کیے گئے، ٹھیکیداروں نے کونیکل بیفل کی تنصیب شروع کردی ہے۔ ترجمان سوئی سدرن نے کہا کہ کونیکل بیفل کے معاملے میں شکایات پر قریبی سی ایف سی سے رابطہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 47

دورہ کو معلوماتی دورہ تصور کرتے ہیں، ملک سے کرپشن کا خاتمہ اور مکمل سدباب میں نیب اہم کردار ادا کر رہا ہے، ملکی ترقی مضبوط معیشت کی مرہون منت ہے جس کے لئے نیب اپنے حصہ کا کام کر رہا ہے۔ نیب لاہور کے ترجمان نے کہا کہ نیب آگاہی وتدارک ونگ سوسائٹی کو بدعنوانی کے اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے سرگرم عمل ہے، محکمہ تعلیم کے باہمی اشتراک سے نیب نے طلبا وطالبات کی کردار سازی کی تنظیمیں بنائی ہیں۔ اس موقع پر طالبات سے کردار سازی مہم کی کارکنان کے طور پر حلف بھی لیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

بلڈنگ میں واقع لیبر ڈیپارٹمنٹ دفتر کے پانی اور بجلی کے واجبات کی مد میں رقم کی منظوری دی اور تمام سرکاری اداروں کی رہائشی کالونیوں میں بجلی کے میٹر لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں دی گئی دیگر منظوریوں میں لاڑکانہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سابقہ ملازمین کی تنخواہوں کے واجبات کی منظوری، ملیر ریور برج بنانے کے لئے رقم کی منظوری، محکمہ زراعت کے واٹر کورسز بنانے کے لئے رقم کی منظوری سمیت بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کے قانونی معاملات دیکھنے کے لئے چیف انجینئر بھرتی کرنے کے لئے منظوریاں دی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

کے شہروں میں گزشتہ ماہ کی نسبت استعمال شدہ گھروں کی قیمتوں میں 1.2 فیصد کمی ا؟ئی۔ دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں میں 0.9 فیصد کمی واقع ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 50

ایس آئی ایف سی بہتر کام کر رہی ہے۔ سابق صوبائی وزیر نے کہا ہے پانچ آئی پی پیز کو 60 ارب سالانہ بغیر بجلی بنائے مل رہے تھے، حکومت نے ان 5 آئی پی پیز کے معاہدے منسوخ کر دیئے ہیں، ابھی ان معاہدوں کی منسوخی سے 71 پیسے فی یونٹ نرخ کم ہوں گے، یہ بڑی بچت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزید آئی پی پیز کو نوٹس جاری ہو چکے ہیں، ابھی بھی آئی پی پیز کو 1.1 ٹریلین روپے اضافی دے رہے ہیں، ہمیں اب یہ کرنا ہے کہ جو بجلی لیں گے صرف اس کے پیسے دیں گے، اگر مزید معاہدے منسوخ ہوں تو بجلی دس روپے فی یونٹ مزید سستی ہوگی۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ تمام اخراجات کے ساتھ بجلی نرخ 26 روپے فی یونٹ سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں، جتنا جلدی ہو سکے آئی پی پیز معاہدوں پر نظر ثانی کریں مہنگی بجلی سے صنعت بند ہو رہی ہے۔ سابق صوبائی وزیر نے کہا کہ 2025 ہماری معیشت کی بہتری کا سال ہے، بلند شرح سود کی وجہ سے 27 ارب ڈالر کے برابر رقوم بینکوں میں پڑی ہیں، شرح سود کم ہوگی تو سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 51

اور ترقی کو فروغ دینا ہے۔ قومی ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن وزیراعظم شہباز شریف کے چین کے دورے کے دوران ہواوے کمپنی کے ساتھ طے کی گئی مفاہمتی یادداشتوں کے پروگرام پر عملدرآمد کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کے چین کے دورے کے دوران پاکستانی نوجوانوں کو جدید تکنیکی مہارتوں کی تربیت دینے کے لیے ہواوے کے ساتھ تعاون کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ یہ تربیتی پروگرام نوجوانوں کو بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگا جس سے ان کی اقتصادی حالت میں بہتری ممکن ہو گی۔ ہواوے کا یہ تربیتی پروگرام پاکستان کے تکنیکی تعلیمی نظام میں مثبت تبدیلیاں متعارف کروانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، جس کے نتیجے میں نوجوانوں کی ترقی اور ملک کی معیشت کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔ ایس آئی ایف سی کے اس اقدام سے پاکستان کے تکنیکی تعلیمی منظرنامے کو آگے بڑھانے کے عزم کو مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 52

دہانی کرائی۔ ٹیوٹا ملازمین کیلئے 40 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس کی سمری منظوری کیلئے بھجوادی ہے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوٹا کے اداروں کی اپ گریڈیشن کا عمل جاری ہے۔ سکل ڈویلپمنٹ کے فروغ کیلئے ٹیوٹا اور کوتھم کے مابین تعاون کا معاہدہ کیا جائے گا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل معیاری فنی تعلیم کے فروغ سے جڑا ہے، ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے ہمیں مل کر آگے بڑھنا ہے۔ ٹیوٹا کے زیر اہتمام ایسی عمارتوں کی نشاندہی کی جائے جہاں تربیتی کورسز کی کلاسیں نہیں ہو رہیں۔ ٹیوٹا کے اداروں کی بہتری اور اسے ہر قسم کی کرپشن سے پاک کرنا میرا مشن ہے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ ٹیوٹا کا فنانشل اور پرفارمینس آڈٹ کرایا جارہا ہے۔ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کے لئے ٹیوٹا کے ملازمین محنت اور لگن سے کام کریں۔ ملازمین کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جائیں گے۔ وفد میں سینئر نائب صدر چوہدری حفیظ گجر، جنرل سیکریٹری رانا محمد حیات اور دیگر شامل تھے۔

بقیہ بقیہ جات 53

معیاری تعلیمی و تحقیقی سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے، اور ہونہار نوجوانوں کی ایک بڑی طاقت ہمارے پاس ہے۔ جن کو تربیت یافتہ بنانے کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں درست سمت پر گامزن کیا جائے اور بہتر مستقبل کے لئے نوجوانوں کو درست فیصلے لینے ہوں گے، بحیثیت قوم ہمیں اپنے ملک کی عزت اور نیک نامی میں اضافہ کرنا ہوگا۔ ہم سب مل کر ایک عظیم پاکستان بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرگودھا یونیورسٹی معیاری تعلیم کے فروغ میں جو کردار ادا کر رہی ہے وہ قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت سرگودھا یونیورسٹی کے تعلیمی اور تحقیقی منصوبوں میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی تا کہ یہ ادارہ مزید ترقی کرے اور ملک کے دیگر تعلیمی اداروں کے لیے ایک مثال بنے۔ آج کے دور میں ہمارے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور تربیت فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے تا کہ وہ عالمی چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں اور پاکستان کو ترقی کی راہوں پر گامزن کریں۔ انہوں نےکہا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں کے پاس وہ وسائل اور مواقع موجود ہیں جو آج سے پہلے میسر نہیں تھے۔ ہمیں ان مواقعوں کا بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے اور اپنے نوجوانوں کو اس قابل بنانا چاہیے کہ وہ نہ صرف ملکی سطح پر بلکہ عالمی سطح پر بھی نمایاں مقام حاصل کر سکیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے اپنے ادارہ کے بارے مفصل بریفنگ میں کہا کہ یونیورسٹی کو دنیا کی 500 بہترین جبکہ پاکستان کی دس بہترین جامعات کی فہرست میں شامل کروانے کیلئے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 200 بیڈ پر مشتمل ہسپتال، فارماسوٹیکل انڈسٹریل یونٹ، زراعت پر مبنی اقتصادی ہب اور خوش آب واٹر کو کمرشلائز کرنے کے منصوبوں کو عملی شکل دی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

دوسرا مرحلہ 7 نومبر بروز جمعرات کو بعد از نماز عصر شروع ہو کر 10 نومبر بروز اتوار کو اختتامی دعا کیساتھ اختتام پذیر ہوگا، دوسرے مرحلے میں فیصل آباد، سوات، ڈیرہ اسماعیل خاں اور کراچی ڈویژن کے کارکنان شرکت کرینگے امسال اجتماع میں شرکاء کی تعداد بڑھنے کے پیش نظر وسیع ترین انتظامات کئے جا رہے ہیں ریلوے حکام کی جانب سے کراچی سے رائے ونڈ کیلئے خصوصی ٹرینیں چلائی جائیگی، ریلوے حکام کی جانب سے مندوبین کی سہولیات کیلئے خاطر خواہ انتظامات کئے جارہے ہیں۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ، ریلوے پولیس، پنجاب پولیس، بم ڈسپوزل سکواڈ، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، لیسکو، ایم سی ایل سمیت دیگر اداروں کی جانب سے انتظامات کا آغاز کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 55

فیصلہ کرلیا گیا۔ محکمہ تعلیم نے اے ای اوز کو ٹریننگ نیڈ اسیسمنٹ انسٹرکٹر تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کو انسپکشن کی بجائے ٹیچرز ٹریننگ کی مد میں الاؤنس ملے گا۔ اے ای اوز کو انسپکشن کی مد میں ماہانہ پچیس سے تیس ہزار روپے انسپکشن الاؤنس دیا جاتا تھا۔ سرپلس اے ای اوز کو سکولوں میں بطور ایجوکیٹرز تعینات کردیا جائے گا۔ ٹی این اے ٹیسٹ کیلئے تربیت کا آغاز رواں ہفتہ سے کیا جانا ہے۔ ٹریننگ نیڈ اسیسمنٹ ٹیسٹ پاس کرنیوالے اساتذہ کو بیرون ملک ٹریننگ پر بھجوایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 56

اور پرائیویٹ اداروں میں ہراسمنٹ انکوائری کمیٹی کا ہونا ضروری ہے۔ قانون کے مطابق ادارے پابند ہیں کہ وہ اردو اور انگریزی یا کسی بھی زبان میں جو وہاں کے لوگ پڑھنا جانتے ہوں میں قانون کا مسودہ کسی مناسب جگہ پر آویزاں کریں تا کہ ادارہ میں موجود ہر فرد با آسانی اس کو پڑھ سکے۔ انہوں نے بتایا کہ قانون کی دونوں شقوں پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں خاتون محتسب پنجاب ادارے کو 50 ہزار سے ایک لاکھ تک کا جرمانہ کرنے کا مجاز ہے۔ نوٹیفکیشن میں یونیورسٹی آف پنجاب کو سات دن کے اندر یہ جرمانہ ادا کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سات دن کے اندر جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں یونیورسٹی آف گجرات کے خلاف توہین عدالت کی کاروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 57

پیش کرتے ہیں۔ چینی وزیراعظم کی پاکستان آمد خطے کی معاشی جغرافیائی سیاسی مثبت پیش رفت میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے پاکستان کی تاجر کمیونٹی پاک چائنہ تعلقات کی مزید بلندیوں کیلئے دعاگو ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس نے ثابت کردیا پاکستان مستحکم دفاعی سیاسی معاشی قوت اور ترقی کی راہ پر گامزن مملکت ہے۔ امید کرتے ہیں پاکستان اسی طرح مسلم لیگ ن کی حکومت میں ماضی کی ترقی کی منازل طے کرے گا۔ پاکستانی قوم ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے دلی دعاوں نیک تمناوں کا اظہار کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کے لئے ایک رابطہ قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 59

جاری رکھیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیتن یاہو نے یہ عہد بھی کیا کہ اگر غزہ میں یرغمالیوں کو رہا کرتے ہیں تو ان پر حملہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ جو کوئی بھی اپنے ہتھیار ڈال دے گا اور یرغمالیوں کی واپسی میں مدد کرے گا اسے غزہ سے محفوظ طریقے سے جانے کی اجازت دی جائے گی۔ نیتن یاہو نے کہا کہ حماس غزہ پر حکومت نہیں کرے گی۔ انہوں نے غزہ کے باشندوں کو اپنی تقریر کا مخاطب بناتے ہوئے کہا کہ السنوار نے آپ کی زندگیاں تباہ کر دی ہیں۔ نیتن یاہو نے کہا کہ السنوار کا قتل مشرق وسطی میں امن قائم کرنے کا ایک موقع فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے اس قتل کو حماس کے زوال کا ایک اہم سنگ میل بھی قرار دے دیا۔ اسرائیلی وزیراعظم کے اس بیان سے قبل اسرائیلی فوج کی جانب سے جمعرات کو اس بات کی تصدیق کی گئی کہ افواج نے بدھ کے روز جنوبی غزہ کی پٹی میں حماس کے رہنما یحییٰ سنوار کو ہلاک کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

کی خدمت کر کے اپنا فرض احسن بخوبی ادا کرینگے۔ بازاروں مارکیٹوں کے مسائل حل ہونے سے ہی ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ شاہ عالم مارکیٹ ایشیا کے سب سے بڑے تجارتی مرکز کو مسائل سے نجات دلائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 61

اور 5 لاکھ 40 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق شیخوپورہ اور گوجرانوالہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 گیس کنکشن منقطع اور 10 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 18 گیس کنکشن منقطع جبکہ 6 لاکھ 70 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

کی درخواست پر نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف پولیس کو کارروائی کا اختیار ہوگا۔ آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر شہر میں دفعہ 144 کے نفاذ کی درخواست کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 63

جاری رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ زوکو وچ نے مونٹینیگرو کے اہم تجارتی شراکت دار کے طور پر بنیادی ڈھانچے، توانائی اور سیاحت میں معاشی اور تکنیکی تعاون کے معاہدوں کے ذریعے چین کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ مونٹینیگرو میں چینی سفارتخانے کی ناظم الامور لو فانگ چھنگ نے قابل تجدید توانائی میں مشترکہ منصوبوں پر پیشرفت بارے زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے ملکوں میں ماحول دوست ترقی کی وسیع صلاحیت موجود ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

کی گئی مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ رواں ہفتے 9 اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں کمی ہوئی جب کہ 23 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمتوں میں 26.24 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 9.86 فیصد دال چنا کی قیمتوں میں 3.15 فیصد، آٹے کی قیمتوں میں 2.10 فیصد، ڈیزل کی قیمتوں میں 2.01 فیصد، ایل پی جی کی قیمتوں میں 1.50 فیصد، سرسوں کے تیل کی قیمتوں میں 0.65 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح آگ جلانے والی لکڑی کی قیمتوں میں 0.35 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.31 فیصد، چکن کی قیمتوں میں 0.96 فیصد اور انڈوں کی قیمتوں میں 0.68 فیصد اضافہ ہوا۔ اس کے برعکس آلو کی قیمتوں میں 1.15 فیصد، پیاز کی قیمتوں میں 7.02 فیصد، چینی کی قیمتوں میں 0.27 فیصد، کیلوں کی قیمتوں میں 2.83 فیصد، دال ماش کی قیمتوں میں 0.72 فیصد، باسمتی ٹوٹا چاول کی قیمتوں میں 0.09 فیصد اور گڑ کی قیمتوں میں 1.82 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح 0.27 فیصد اضافے کے ساتھ 10.29 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح 0.28 فیصد اضافے کے ساتھ 14.42 فیصد رہی۔

بقیہ بقیہ جات 65

حشرات زدہ فرش، جالے لگی دیواریں اور مکھیوں کی بھرمار پائی گئی۔ قوانین کے برعکس تیار جعلی مضر صحت محلول کو نان فوڈ گریڈ ڈرموں میں رکھا گیا تھا۔ خوراک کا کاروبار فوڈ اتھارٹی قوانین کے خلاف اور لائسنس کے بغیر کیا جا رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کیمیکلز، فلیورز اور رنگوں کی ملاوٹ سے تیار محلول گردوں اور جگر کو متاثر کرتا ہے، جعلی بوتلوں پر لگی اصل جیسی نقل پیکنگ کی پہچان کرنا عام صارف کے لیے مشکل ہوتا ہے، تیار نقلی بوتلوں کو لاہور کی مختلف چھوٹی بڑی دکانوں اور ریسٹورنٹس میں سپلائی کیا جانا تھا۔

ملک میں مہنگائی کی شرح پھر بڑھ گئی، 19 اشیائے ضروریہ مزید مہنگی ہوگئیں

مہنگائی کی ہفتہ وار شرح میں 0.28 فی صد اضافہ ریکارڈ ہوا جبکہ اسی ہفتے سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح بھی بڑھ کر 15.02 فی صد پر آ گئی

رواں ہفتے 19 اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں کمی ہوئی جب کہ 23 کی قیمتوں میں استحکام رہا، وفاقی ادارہ شماریات کی مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں مہنگائی کی شرح میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا ہے جب کہ 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ مہنگائی کی ہفتہ وار شرح میں 0.28 فی صد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے جب کہ اسی ہفتے سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح بھی بڑھ کر 15.02 فی صد پر آ گئی ہے۔ اسی دوران روز مرہ استعمال کی 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 64)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال اور کمشنر لاہور زین بن مقصود یوتھ فیسٹیول کے انعقاد کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

چین اور مونٹینیگرو کا بی آر آئی کانفرنس میں

تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

بلغراد (شِنہوا) پوڈگوریسا میں منعقدہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کانفرنس میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ چین مونٹینیگرو کے اہم غیر ملکی تجارتی شراکت داروں میں سے ایک ہے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق کانفرنس میں دونوں ملکوں کے درمیان بنیادی ڈھانچے، قابلِ تجدید توانائی اور سیاحت میں تعاون مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ مونٹینیگرو کے بنیادی ڈھانچے کے نائب وزیر اعظم میلون زوگووچ نے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے تحت مونٹینیگرو کو یورپ سے ملانے والی شاہراہ کی تعمیر کا منصوبہ (بقیہ نمبر 63)

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ

کے زیر تربیت افسران کا پنجاب۔

سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ

لاہور (این این آئی) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے زیر تربیت افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ وفد میں 41ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے افسران اور فیکلٹی ممبران شریک تھے۔ آپریشن کمانڈر ایس پی شفیق احمد نے وفد کو ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ آپریشن کمانڈر نے افسران کو سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کروایا۔

سربیا کے وزیر اعظم کا چین کی

تعمیر کردہ ہائی وے کا دورہ

بلغراد (شِنہوا) سربیا کے وزیر اعظم میلوس ویسووچ نے بلغراد۔ ساؤتھ ایڈریاٹک کوریڈور (ای-763) کے ساتھ مونچینو بروڈوسرنگ کے دائیں حصے کا دورہ کیا۔ چینی کمپنی نے پرلجینا سے پوزیگا تک ہائی وے کا یہ اہم حصہ تعمیر کیا ہے۔ سربیا کی حکومت کے جاری کردہ بیان کے مطابق تقریب میں تعمیرات، ٹرانسپورٹ اور انفراسٹرکچر کے وزیر گوران ویسک سمیت "پوتیوی سربجی" کے قائم مقام ڈائریکٹر زوران دوبجک نے بھی شرکت کی۔

کراچی میں 2 روز کیلئے دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد، نوٹیفکیشن جاری

پانچ سے زائد افراد کے اجتماع پر بھی پابندی ہوگی، جلسے اور ریلیاں بھی نہیں نکالی جاسکیں گی

کراچی (این این آئی) کراچی میں 2 روز کے لیے دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد کردی گئی ہے، پابندی کا اطلاق فوری طور ہوگا۔ کمشنر کراچی کے نوٹیفکیشن کے مطابق اٹھارہ اور انیس اکتوبر کو ہر قسم کے مظاہروں جلوس دھرنے ریلیوں اور اجتماع پر پابندی لگائی گئی ہے۔ پانچ سے زائد افراد کے اجتماع پر بھی پابندی ہوگی، جلسے اور ریلیاں بھی نہیں نکالی جاسکیں گی۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی (بقیہ نمبر 62)

پنجاب، کے پی، اسلام آباد میں گیس کا غیر قانونی استعمال، کنکشنز منقطع

ملتان، ساہیوال، بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 38 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ سوئی ناردرن گیس نے پنجاب، خیبر پختون خوا اور اسلام آباد میں گیس کا غیر قانونی استعمال کرنے والوں کے خلاف آپریشن کیا ہے۔ ترجمان سوئی ناردرن گیس کے مطابق ملتان، ساہیوال، بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 38 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے ہیں۔ لاہور، فیصل آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 18 گیس کنکشن منقطع (بقیہ نمبر 61)

مسائل حل کروا کے تاجروں کو سازگار حالات فراہم کرینگے، راحیل بٹ

شاہ عالم کی تاجر برادری کیلئے قائد خواجہ عامر اور رانا نثار احمد کی قیادت میں دن رات کام کرر ہے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) رہنما مرکزی شاہ عالم بورڈ راحیل رفیق بٹ نے کہا ہے شاہ عالم کی تاجر برادری کیلئے اپنے قائد خواجہ عامر اور رانا نثار احمد کی قیادت میں دن رات کام کرر ہے ہیں۔ مارکیٹوں کے مسائل حل کروا کے تاجروں کو سازگار حالات فراہم کرینگے۔ بزنس کمیونٹی کی خدمت ہمارے بزرگوں کا شیوہ رہی ہے اپنے تاجر بھائیوں کی خدمت کیلئے دل سے کام کرتے رہیں گے۔ تاجروں (بقیہ نمبر 60)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اور چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان ''ستھرا پنجاب پروگرام'' پر کمشنرز کے ہمراہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

السنوار کا قتل، جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی، اسرائیل، مزاحمتی جذبہ مزید مضبوط ہوگا، ایران

نشاندہی کی کہ جو کوئی بھی ہتھیار ڈال دے گا، یرغمالیوں کی واپسی میں مدد کرے گا اسے غزہ سے محفوظ طریقے سے جانے کی اجازت دی جائیگی، نیتن یاہو

جب تک صہیونی قبضہ، جارحیت باقی، مزاحمت جاری رہے گی، اب نئی نسل، نوجوان فلسطین کی آزادی کیلئے نکلیں گے، اقوام متحدہ میں ایرانی مشن کا بیان

تل ابیب/نیویارک (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے جمعرات کو حماس کے رہنما یحییٰ سنوار کے غزہ میں اسرائیلی آپریشن میں مارے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اسرائیل نے ان کے ساتھ اپنا سکور طے کر لیا۔ لیکن نیتن یاہو نے اس بات پر زور دیا کہ جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی ہے۔ برائی کے خلاف ایک دھچکا لگا لیکن مشن مکمل نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یرغمالیوں کی واپسی تک پوری طاقت کے ساتھ اپنا کام (بقیہ نمبر 59)

الجیرین یونیورسٹی نے چینی

زبان کے پہلے شعبے کا آغاز کردیا

الجیرز (شِنہوا) یونیورسٹی آف الجزائر II میں چینی زبان کا شعبہ قائم کر دیا گیا ہے جو الجیریا کی کسی بھی یونیورسٹی میں چینی زبان کا پہلا شعبہ ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے الجیریا میں چینی سفارت خانے کے ناظم الامور ژاؤ پھنگ شنگ نے کہا کہ چینی زبان کا شعبہ دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی اور تعلیمی تعاون میں ایک اہم کامیابی کی علامت ہے۔ ژاؤ پھنگ شنگ نے زبان کو ثقافتی ورثے کا ذریعہ، دوستانہ تبادلوں کو فروغ دینے کا ایک پل اور مختلف تہذیبوں کے باہم سیکھنے (بقیہ نمبر 58)

ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران سیمینار کے موقع پر چیف کمشنر ایف بی آر احمد شجاع خان کو شیلڈ پیش کرر ہے ہیں

تاجر کمیونٹی پاک چائنہ تعلقات کی بلندیوں کیلئے دعا گو ہے، ن لیگ چائنہ

ایس سی او اجلاس کے کامیاب انعقاد پر وزیر اعظم شہباز شریف، نواز شریف کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن چائنہ کے صدر حاجی فدا حسین، جنرل سیکرٹری رانا غلام ربانی خان، سینئر نائب صدر شیخ جاوید شبیر اور سیکرٹری اطلاعات کاشف امین کے کے نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے شنگھائی تعاون تنظیم کے اسلام آباد میں کامیاب اجلاس کے انعقاد پر وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور قائد پاکستان مسلم لیگ ن میاں نواز شریف کو مبارکباد (بقیہ نمبر 57)

سندھ، نوکریوں میں عمر کی

رعایت ختم کرنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے نوکریوں میں عمر کی رعایت ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ سندھ حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق نوکری کیلئے 15 سال عمر کی رعایت دی گئی تھی۔ اب یہ رعایت یکم جنوری 2025 سے ختم کی جارہی ہے۔ یاد رہے کہ چند ماہ پہلے وزیرِ اعلی سندھ مراد علی شاہ نے صوبے میں ہزاروں نوکریاں دینے کا اعلان کیا تھا۔ بدین میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا تھا کہ بلدیاتی الیکشن کے بعد حکومت نے نوکریاں دینا شروع کیں

خاتون محتسب نے یونیورسٹی آف گجرات کو ایک لاکھ جرمانہ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

یونیورسٹی آف گجرات کو جرمانہ، ہراسمنٹ کمیٹی نہ بنانے، کوڈ آف کنڈکٹ آویزاں نہ کرنے پر کیا گیا

لاہور (این این آئی) خاتون محتسب پنجاب نبیلہ حاکم خان نے یونیورسٹی آف گجرات کو ایک لاکھ روپیہ جرمانہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ کام کی جگہ پر ہراسانگی سے تحفظ اور خواتین کے جائیداد میں حق کے قانون 2021 کے تحت یونیورسٹی آف گجرات کو جرمانہ، ہراسمنٹ کمیٹی نہ بنانے اور ہراسمنٹ کوڈ آف کنڈکٹ آویزاں نہ کرنے پر کیا گیا۔ خاتون محتسب نے کہا کہ تمام سرکاری نیم سرکاری (بقیہ نمبر 56)

رائے ونڈ میں تبلیغی جماعت کا عالمی

اجتماع 31 اکتوبر سے شروع ہوگا

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں تبلیغی جماعت کا عالمی اجتماع 31 اکتوبر بروز جمعرات سے شروع ہوگا، اجتماع دو حصوں میں ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق تبلیغی جماعت کا عالمی اجتماع امسال بھی دو حصوں میں منعقد ہوگا پہلے حصے میں لاہور، پشاور، ملتان اور کوئٹہ ڈویژن کے لاکھوں افراد شرکت کرینگے، پہلے حصے کی اختتامی دعا 3 نومبر بروز اتوار کو نماز فجر کے بعد ہوگی اسی طرح اجتماع کا (بقیہ نمبر 54)

اساتذہ کو ٹریننگ کیلئے بیرون ملک بھجوانے کا فیصلہ

اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کا انسپکشن الاؤنس ختم، اے ای اوز کو ٹریننگ نیڈ اسیسمنٹ انسٹرکٹر تعینات کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) حکومت نے اساتذہ کو ٹریننگ کیلئے بیرون ملک بھجوانے کا فیصلہ کر لیا، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کا انسپکشن الاؤنس ختم کرنے اور اے ای اوز کو ٹریننگ نیڈ اسیسمنٹ انسٹرکٹر تعینات کیا جائے گا آئندہ اے ای اوز کو انسپکشن کی بجائے اساتذہ کو ٹریننگ دینے کی مد میں الاؤنس ملے گا۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں تعینات اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کا انسپکشن الاؤنس ختم کرنے کا (بقیہ نمبر 55)

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی ثمن رائے کے ہمراہ محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ٹی سی آئی گرین سٹار کے اشتراک سے جنرل ہسپتال منعقدہ سیمینار کے شرکاء کا گروپ فوٹو

فوڈ اتھارٹی نے لاہوریوں کو جعلی ڈرنکس پلانے کی کوشش ناکام بنادی

جعلی کاربونیٹڈ ڈرنکس یونٹ پر چھاپہ 750 لیٹر تیار ڈرنکس، ایسڈ اور ممنوعہ اشیا تلف، مقدمہ درج

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے لاہوریوں کو جعلی ڈرنکس پلانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ خفیہ اطلاع پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے طفیل پورہ جلو میں واقع جعلی کاربونیٹڈ ڈرنکس یونٹ پر چھاپہ مارا اور 750 لیٹر تیار ڈرنکس، ایسڈ اور ممنوعہ اشیا تلف کر کے مقدمہ درج کروادیا۔ اس کے ساتھ فلنگ مشینیں، گیس مشین، چلر، واٹر ٹینک، خالی بوتلیں، 900 تیار پیک بوتلیں ضبط کرلی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ جعلی یونٹ میں کھلے رنگ، کیمیکلز اور نل کے آلودہ پانی سے جعلی بوتلیں تیار کی جارہی تھیں، معروف برانڈز کی جعلی لیبلنگ لگا کر مضر صحت بوتلیں سپلائی کے لیے تیار کی گئیں، موقع پر کیے گئے ٹیسٹ مضر قرار، ٹیسٹنگ رپورٹ بھی عدم موجود پائی گئی۔ یونٹ میں صفائی کے ناقص انتظامات، (بقیہ نمبر 65)

لاپتہ افراد کیس: پولیس رولز میں 3 ماہ میں اصلاحات کا حکم

پنجاب، خیبر پختونخوا میں اصلاحات کے بعد وہاں کی پولیس سندھ سے بہتر پرفارم کررہی ہے، ہائی کورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے پولیس رولز میں 3 ماہ کے اندر اصلاحات کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت میں لاپتہ افراد کی بازیابی کے کیس میں ایڈیشنل ایس ایچ او کی پیشی کے معاملے کی سماعت ہوئی۔ دورانِ سماعت ڈی آئی جی ایسٹ اظفر میسر و دیگر افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ ایڈیشنل ایس ایچ او کی پوسٹ پولیس رولز میں موجود ہے؟ سرکاری وکیل نے اس سوال کے جواب میں عدالت کو بتایا کہ پولیس رولز میں ایڈیشنل ایس ایچ او کا کوئی عہدہ نہیں ہے، اعلی پولیس افسران کسی بھی قابل افسر کو اپنے طور پر تعینات کرتے ہیں۔ ایس ایس پی ایسٹ نے عدالت کو (بقیہ نمبر 38)

لاہور: قومی احتساب بیورو لاہور کا دورہ کرنے والی گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کی طالبات کردار سازی مہم کی کارکنان کے طور پر حلف لے رہی ہیں

شہید پاکستان حکیم سعید ایک فرد نہیں ایک عہد اور ادارہ تھے، ناصر جاوید

قومی و ملی خدمات کی بنا پر ان کو چوتھی رول ماڈل شخصیت قرار دیا جاسکتا ہے

لاہور (پ ر) جسٹس ریٹائرڈ ناصرہ جاوید اقبال نے کہا ہے کہ شہید پاکستان حکیم سعید ایک فرد نہیں ایک عہد اور ادارہ تھے قومی و ملی خدمات کی بنا پر ان کو سر سید علامہ اقبال اور قائد اعظم کے بعد چوتھی رول ماڈل شخصیت قرار دیا جاسکتا ہے انہوں نے پاکستان کی تعمیر و تشکیل میں بے مثال کردار ادا کیا وہ اشرف المخلوقات کے مقام پر پورے قد سے کھڑے رہے۔ محبوب خدا کے اسوہ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے پوری زندگی سادگی سے گزاری ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں ''شہید حکیم محمد سعید کے افکار صاحب الرائے اور مستقبل کے معمار'' کے موضوع پر اراکین ہمدرد شوریٰ اور عہدے داران نونہال اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے جسٹس ریٹائرڈ نذیر (بقیہ نمبر 41)

کمزور معیشت کو صنعت و تجارت ہی پاوں پر کھڑا کرسکتی ہے، اکرم دیوان

اگر صنعتکاروں کو سازگار حالات فراہم کردیئے جائیں تو ملک میں خوشحالی کی نئی لہر آجائے گی

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین پلاسٹک فٹ ویئر ایسوسی ایشن اکرم دیوان نے کہا ہے کہ پاکستان کی کمزور معیشت کو صنعت و تجارت ہی اپنے پاوں پر کھڑا کرسکتی ہے۔ صنعتوں کی خوشحالی سے روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ ایک چھوٹے یا بڑے صنعتی یونٹ سے کئی خاندانوں کے روزگار جڑے ہوتے ہیں۔ صنعتیں لاکھوں ہزاروں خاندانوں کو روزگار فراہم کررہی ہیں۔ تمام تر سرکاری ادائیگیوں کے (بقیہ نمبر 42)

صنعتکار اور تاجر کو ریلیف ملنا انتہائی ضروری ہے، میاں اختر علی

صنعت و تجارت پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے اقتصادی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کی ترقی کر سکتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو لائف سٹائل انٹرنیشنل میاں اختر علی نے کہا ہے ملکی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے صنعتکار اور تاجر کو ریلیف ملنا انتہائی ضروری ہے۔ صنعتی و کاروباری اعشاریئے بہتر ہونے سے ہی ملک ترقی کر سکتا ہے۔ صنعت و تجارت پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے اقتصادی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کی ترقی کر سکتے ہیں۔ دنیا میں ترقی و خوشحالی صنعتی و کاروباری شعبہ ہائے زندگی (بقیہ نمبر 43)

معیشت کو پاؤں پر کھڑا کر کے ہی بحران ختم ہوسکتے ہیں، نبیل محمود

تجارتی مراکز، صنعتوں پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے معاشی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کو ریلیف دیا جائے

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین پاکستان ٹریڈرز اینڈ مینوفیکچررز الائنس نبیل محمود طارق نے کہا ہے ملکی معیشت کو پاوں پر کھڑا کر کے ہی معاشی بحران ختم ہوسکتے ہیں۔ اندرونی صنعتی و کاروباری گراف اوپر آنے سے ہی ملک خوشحال ہوسکتا ہے۔ تجارتی مراکز اور صنعتوں پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے معاشی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کو ریلیف دیا جائے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں نے صنعتی انقلاب بر (بقیہ نمبر 44)

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کے وفد کا نیب لاہور کا مطالعاتی دورہ

نیب کے ویژن، آگاہی و تدارک ونگ کے مینڈیٹ اور نیب ورکنگ پر جامع بریفنگ دی گئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج لاہور کی طالبات کے وفد نے پروفیسرز کی زیر نگرانی نیب لاہور بیورو کا مطالعاتی دورہ کیا جہاں انہیں نیب کے ویژن، آگاہی و تدارک ونگ کے مینڈیٹ اور نیب ورکنگ پر جامع بریفنگ دی گئی۔ ترجمان نیب کے مطابق طالبات کے وفد کو نیب کے مختلف ونگز اور انویسٹی گیشن سیل کا دورہ کروایا گیا۔ اساتذہ نے کہا کہ نیب لاہور بیورو کا دورہ انتظامیہ کی حوصلہ افزا کاوش ہے، نیب کا شعبہ آگاہی و تدارک کرپشن کے خلاف گراس روٹ لیول پر کام کر رہا ہے، نیب کو عمومی تاثر سے بالکل مختلف پایا، دورہ نیب کا حقیقی تعارف تھا۔ طالبات نے کہا کہ قومی ادارہ میں (بقیہ نمبر 47)

بھارت میں مذہبی اقلیتوں کی زندگیاں اجیرن کردی گئیں، امریکی کمیشن

امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی نے بھارت کو تشویشناک ملک قرار دیدیا

پاکستان میں اقلیتوں کے حوالے سے مذہبی آزادی کے حوالے سے اقدامات کو سراہا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی نے بھارت کو تشویشناک ملک قرار دیتے ہوئے مذہبی عدم برداشت کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بی جے پی کے دور اقتدار میں بھارت میں مذہبی امتیاز کی پالیسیوں کو فروغ ملا۔ مذہبی اقلیتوں اور انکے حامیوں کی آوازیں دبائی جارہی ہیں اور ان کی زندگیاں اجیرن کر دی گئی ہیں۔ مودی سرکار کی اقلیتوں کے خلاف پرتشدد اقدامات سے مسلمانوں، عیسائیوں، سکھوں، دلتوں اور قبائلیوں پر منفی اثرات پڑے ہیں۔

لاہور: پولیس اہلکار کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہائی کورٹ کے باہر الرٹ کھڑے ہیں

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
ملتان
اسلام آباد
بانی غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی
ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ
00923339233351

اعلان تقرری

عارف محمود قریشی کو

روزنامہ آئیڈیل پاکستان کیلئے

بہترین کارکردگی کی بنیاد پر ایگزیکٹو ایڈیٹر مقرر کیا گیا ہے

تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں

خبروں، پریس ریلیز، ہینڈ آوٹ اور اشتہارات کیلئے رابطہ کریں

منجانب ۔۔۔۔۔۔ ادارہ

اسلام آباد: جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے اپوزیشن جماعتوں کے رہنما ملاقات کرر ہے ہیں

سموگ تدارک کیلئے تجاوزات کیخلاف بڑے آپریشن کا حکم

تجاوزات قائم کرنے والوں کیخلاف بلاتفریق مقدمات کے اندراج کی ہدایت

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے حکم پر شہریوں کیلئے صحت مند آب و ہوا اور محفوظ سفر کیلئے عملی اقدامات، ائیر کوالٹی انڈیکس میں بہتری کیلئے تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا گیا۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے ٹریفک کنجشنز کے خاتمے کیلئے (بقیہ نمبر 35)

سانده، چور گھر سے 15 کروڑ 75 لاکھ کے زیورات، 40 لاکھ نقدی لیکر فرار

تمام اہلخانہ گھر سے باہر تھے، چور کچن کے بیرونی دروازے کی جالی کاٹ کر گھر میں داخل ہوئے

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں سانده کے علاقہ ریواز گارڈن میں چوری کی بڑی واردات ہوئی ہے، چور گھر سے 15 کروڑ 75 لاکھ کے زیورات اور 40 لاکھ نقدی لیکر فرار ہو گئے۔ مدعی مقدمہ نادیہ عمران کے مطابق تمام اہلخانہ گھر سے باہر تھے۔ چور کچن کے بیرونی دروازے (بقیہ نمبر 36)

لاہور: کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لئے پولیس کی واٹر کینن وین لبرٹی چوک میں کھڑی ہے

انڈونیشیا، جکارتہ۔ باندونگ ہائی سپیڈ

ریلوے کے ذریعے پہلے سال کے

دوران 57 لاکھ 90 ہزار افراد کا سفر

جکارتہ (شِنہوا) جکارتہ۔ باندونگ ہائی سپیڈ ریلوے (ایچ ایس ا?ر) کے ذریعے پہلے سال کے دوران 57 لاکھ 90 ہزار افراد نے سفر کیا۔ منصوبہ تعمیر کرنے اور چلانے والی انڈونیشین اور چینی کمپنیوں کے کنسورشیم پی ٹی کیراٹا سی پیٹ اں ڈونیشیا۔ چائنہ (کے سی ا?ئی سی) نے بتایا کہ ایچ ایس ا?ر نے اپنی پہلی سالگرہ منائی ہے۔ اکتوبر 2023 میں اپنے کاروباری ا?غاز کے بعد سے ایچ ایس ا?ر نے 15 ہزار 826 دورے مکمل کئے جو 25 لاکھ 70 ہزار کلومیٹر فاصلے پر محیط رہے۔ یومیہ سفر کرنے والی (بقیہ نمبر 37)

بولان میل (3اپ) کے

اوقات کار میں تبدیلی

لاہور (این این آئی) ریلوے انتظامیہ نے عوام کی سہولت کے پیش نظر کراچی سٹی، کوئٹہ کے درمیان چلنے والی بولان میل (3اپ) کے اوقات کار میں تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ بولان میل (3اپ) کراچی سٹی سے رات 7 بجے روانہ ہو کر اگلے روز شام 6 بجکر 25 منٹ پر کوئٹہ پہنچے گی۔ اس سے پہلے بولان میل (3اپ) کراچی سٹی سے رات 8 بجے روانہ ہوا کرتی تھی۔ اس فیصلے پر فوری طور پر عملدر آمد ہوگا۔

پاکستان بزنس فورم کا حکومت سے بجلی کی قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ

حکومت فلفور ٹرنسمیشن لائنز کی کپیسٹی پر کام کرے تا کہ لوڈ شیڈنگ پر قابو پایا جاسکے، خواجہ محبوب الرحمٰن

ملتان (سٹاف رپورٹر) مرکزی صدر پاکستان بزنس فورم خواجہ محبوب الرحمٰن اور چیئرمین جنوبی پنجاب پی بی ایف ملک طلعت سہیل نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ایک بجلی گھر 50 ارب میں لگا اور اسے 400 ارب روپیے دیئے گئے، یہ دن دیہاڑے ڈاکا ہے، آئی پی پیز کا فارنزک آڈٹ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ کنٹریکٹ میں گڑبڑ ہے تو عالمی سطح پر کیس لڑا جاسکتا ہے، ہر سیکٹر میں فیکٹریاں بند اور لوگ بے روزگار ہور ہے ہیں۔ آئی پی پیز کا بجلی فروخت معاہدہ بجلی خرید معاہدہ نہیں، ابھی مزید 16 ہزار میگاواٹ بجلی کے آئی پی پیز آر ہے ہیں۔ صدر پاکستان بزنس فورم کا کہنا تھا کہ بجلی کھپت 18 فیصد کم جب کہ پیداوار بڑھ رہی ہے، صنعتوں کو سستی بجلی دی جائے۔ چیئرمین جنوبی پنجاب طلعت سہیل نے کہا بجلی کے شعبے میں مالی سال 2017 میں کپیسٹی پے منٹ (ادائیگی کی صلاحیت) (بقیہ نمبر 39)

سیلز ٹیکس رجسٹریشن، بائیو میٹرک کے

مسائل حل کئے جائیں، لاہور ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے سیلز ٹیکس رجسٹریشن اور بائیو میٹرک کے مسائل حل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جن افراد کے فنگر پرنٹس نشان ختم ہو چکے ہیں ان کا کیا قصور ہے، ایف بی آر خصوصی ڈیسک قائم کرے تا کہ بزرگ ٹیکس دہندگان کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار صدر شہباز صدیق، نائب صدر میاں محمد زاہد، جنرل سیکرٹری انیب اختر انصاری، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف اور جوائنٹ (بقیہ نمبر 40)

لاہور: ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تقریب میں قیوم نظامی، جسٹس نذیر احمد غازی، ڈاکٹر میاں محمد اکرم و دیگر شریک ہیں

آئینی ترمیم کے معاملے پر مولانا فضل الرحمٰن پل کا کردار ادا کر رہے ہیں، مراد علی شاہ

ترمیم کی بات تھی 2006 میں میثاق جمہوریت میں تھی، 18 ترمیم میں کام نہیں ہوسکا، بلاول مسودے کیساتھ ہر اپوزیشن پارٹی کے پاس جار ہے ہیں

میں سب کیساتھ بیٹھنے کیلئے تیار ہوں لیکن کسی بلیک میلر کے کہنے پر نہیں، اس صوبے کے 75 فیصد لوگوں نے پیپلز پارٹی کو ووٹ دیئے ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن آئینی ترامیم کے معاملے پر پل کا کردار ادا کر رہے ہیں، اس بارے پیپلز پارٹی کا مؤقف واضح ہے۔ کراچی میں کارساز کے مقام پر وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج سے سترہ سال پہلے محترمہ اپنی جلا وطنی ختم کر کے آئی تھیں، اٹھارہ اکتوبر کی تاریخ سب کو یاد ہوگی پورے پاکستان سے لوگ جمع تھے اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ (بقیہ نمبر 45)

گیس کے بلوں میں گیزر کے چارجز لگا کر بھیج دیے گئے

کونیکل بیفل کے معاملے میں شکایات پر قریبی سی ایف سی سے رابطہ کریں، ترجمان ایس ایس جی سی

کراچی (این این آئی) گیس صارفین سیگیزر چارجز کے نام پر بلاتفریق اربوں روپے وصولی کی مہم کے دوران گھروں میں گیزر موجود نہ ہونے کے باوجود اضافی بل بھیج دیے گئے۔ ایس ایس جی سی نے صارفین کو کونیکل بیفل کے نام پر 2085 روپے کے اضافی بل بھیج ڈالے۔ 32 لاکھ صارفین کے نیٹ ورک میں اب تک لاکھوں صارفین اضافی بل سے پریشان ہیں۔ صارفین گھروں (بقیہ نمبر 46)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں کابینہ کمیٹی برائے انسداد ڈینگی، متعدی امراض بارے اہم اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

حکومت سندھ کا سرکاری اداروں کی رہائشی

کالونیوں میں بجلی کے میٹر لگانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ نے تمام سرکاری اداروں کی رہائشی کالونیوں میں بجلی کے میٹر لگانے کا فیصلہ کر لیا۔ صوبائی وزیر توانائی، ترقیات و منصوبہ بندی سید ناصر حسین شاہ اور وزیر بلدیات سعید غنی کی زیر صدارت کیبنٹ کی سب کمیٹی برائے فنانس کا اعلی سطحی اجلاس ہوا جس میں مختلف محکموں کے مالی معاملات سمیت کے الیکٹرک کے واجبات کے حوالے سے بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں دونوں صوبائی وزراء نے متفقہ طور پر اسٹیٹ لائف (بقیہ نمبر 48)

چین، گھروں کی قیمتوں میں

کمی ستمبر کے دوران مستحکم رہی

بیجنگ (شِنہوا) چین کے 70 بڑے اور درمیانے درجے کے شہروں میں کمرشل رہائشی مکانوں کی قیمتوں میں کمی ستمبر کے دوران گزشتہ ماہ کی نسبت مستحکم رہی۔ قومی ادارہ شماریات (این بی ایس) کے جمعہ کو جاری کردہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ملک کے پہلے درجے کے شہروں بیجنگ، شنگھائی، گوانگ ژو اور شین زین میں نئے گھروں کی قیمتوں میں 0.5 فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے جبکہ گزشتہ ماہ 0.3 فیصد کمی آئی تھی۔ دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں میں گزشتہ ماہ کی نسبت 0.7 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ این بی ایس کا کہنا ہے کہ ستمبر کے دوران پہلے درجے (بقیہ نمبر 49)

جی ڈی پی بڑھ گئی، کرنسی ریٹ کم ہوا، اچھی خبریں آنے لگی ہیں، ایس ایم تنویر

202 معیشت کی بہتری کا سال، شرح سود کم ہوگی تو سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا، سربراہ یو بی جی

کراچی (این این آئی) سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ و سابق صوبائی وزیر ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ اچھی خبریں آنے لگی ہیں، جی ڈی پی بڑھ گئی ہے، کرنسی ریٹ کم ہوا، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوا ہے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ سٹاک ایکسچینج انڈیکس مسلسل بڑھ رہا ہے، برآمدات 27 ارب ڈالر سے بڑھ کر 33 ارب ڈالر ہوگئی ہیں، یہ سارے مثبت اشارے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکومت اور (بقیہ نمبر 50)

ہواوے کا پاکستانی نوجوانوں کو آئی سی ٹی مہارتوں کی تربیت دینے کا منصوبہ

یہ تربیتی پروگرام نوجوانوں کو بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگا

لاہور (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ہواوے نے 3 لاکھ نوجوان پاکستانیوں کو جدید معلوماتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے ایک وسیع تربیتی پروگرام تشکیل دیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد عالمی مہارت اور جدید تربیتی وسائل کو مقامی نظام تعلیم میں شامل کر کے تکنیکی تعلیم اور مہارت کے معیار کو بہتر بنانا اور ملک میں ٹیکنالوجی کے میدان میں جدت (بقیہ نمبر 51)



لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کا ٹیوٹا یونین کے عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

اوباش نوجوان نے 14 سالہ

بچے کو بدفعلی کا نشانہ بناڈالا

رائے ونڈ (این این آئی) اوباش نوجوان نے 14 سالہ بچے کو بدفعلی کا نشانہ بناڈالا۔ رائے ونڈ کے علاقے میں فیئر روڈ پر واقع ویلڈنگ ورکشاپ میں کام کرنے والے 14 سالہ لڑکے چمن سجاد کو اسکے سینئر ورکر نے ڈرا دھمکا کر زبردستی بدفعلی کا نشانہ بنایا۔ متاثرہ لڑکے نے گھر آ کر باپ کو واقعہ سے آگاہ کیا۔ باپ

سانحہ ماڈل ٹاؤن کیس

گواہ آئندہ سماعت پر طلب

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے سانحہ ماڈل ٹاؤن کیس (بقیہ نمبر 14)

لیسکو لائن لاسز میں 1.8 فیصد کا

اضافہ، شرح 13 فیصد تک ریکارڈ

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنیمیں بجلی چوری کی شرح میں (بقیہ نمبر 15)

طالبہ سے زیادتی کی جھوٹی خبر کا معاملہ،

ایف آئی اے نے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ نے لاہور (بقیہ نمبر 16)

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351